result is the reduction of 25 lakhs of rupees in the Sarf-e-khas compensation. As a matter of fact, we refused to vote; it might not have come to the notice of the opposition as it is a party matter. I do appreciate that suggestion but mere appreciation is no good. The Rajpramukh or the Nizam must feel the necessity; and he must be made to feel it. We have to find a way, a method and let us try. But apart from that, I would say that we have got to find new ways of taxation. Hon. Members might have noted that some of the other States have taken to levy a surcharge on land revenue, enhancement in the water rate, etc. In Hyderabad, we are trying to talk too much with sentiment. We speak that people need not pay taxes further with the idea that more votes will be cast for us, etc. Votes are not going to be cast on these points or on a consideration of these matters. People cast votes to those or to that party or to that Government when things are done to their requirements. That is why we should see to whichever party we may belong, that we fulfil the commitments that are made in the Five-Year Plan and we keep up to the targets.

In the current year's accounts, I have found one item, that is about 5 crores of rupees as being lent to the State Bank. That affects the cash balances. We have borrowed from outside (bazaar) at 4 per cent and I do not know what interest we get from the State Bank. That is a thing that might have missed the notice of the Government. They have not placed it before the House in the current year's accounts. About this 5 crores of rupees which have been lent from our cash balances to the State Bank, I want to ask why it was necessary to lend and at what rate it was lent? This must be made known to the House. If those 5 crores of rupees are with us, we may not experience any troubles. So this point the Government have to clarify.

Then about the proportion between the nation-building items and other adminstrative items. In 1954-55 if we take the road transport accounts and the electricity department accounts as being the accounts for development departments, the proportion is 50 to 50. It is not bad. But if we take away those two items the proportion is 45 to 55. I have been trying to know whether the Government has been trying to endeavour to reduce the percentage of expenditure on the administrative departments. I have not been convinced of

the seriousness about it because in the new items of expenditure out of the provided amount of 80 lakhs 40 thousands 53 lakhs go for nation-building departments and 27 lakhs are allotted to the other administrative departments. So, this must be taken note of that while we reduce the expenditure in one administrative department we are compelled to add to the other administraitve departments. In the process of working in these three years, every year there has been a savings made in the nation-building departments,while there is more expenditure in the non-nation-building departments. I do not know whether it has been the habit of the Finance Department to show little amounts while taking sanction on the administrative departments and showing greater amounts on the nation-building departments and then come to the House with supplementary demands and ultimately showing savings in the nationbuilding departments and more expenditure in the non-nation-building departments. I have seen in these three years and for the benefit of the hon. Members of the House I may tell that savings have been shown in 1952-53 as under: Irrigation 15 lakhs,education 13 lakhs and agriculture 15 lakhs, and civil works 43 lakhs. When we complain there is not much work being done in the departments which contribute to the nation-building activities we find here that savings are made and the complaint is made in the end that they have not been able to expend. There must be something wrong somewhere. I am informed that sanctions are made very late in the months of January and February and the concerned departments are not able to spend the amount. When there is so much demand for more primary schools or there is so much demand for extra teachers, I do not know how there should be a saving in the education department. Similar is the case with the agriculture department or any other nation-building department. As a matter of fact, they should spend more than what is already provided in the budget, because we are already behind. This should be taken note of.

One common feature I have found in the States of Madras and Mysore is this-: They have levied additional sales tax on the mill made cloth—0-2-0 in a rupee and 0-1-3 in a rupee respectiveby It is very healthy approach.It conforms tothe policy of encouraging rural industries. In my opinion, if there should be any good relations or if there should be any balancing between the large scale industries and the small scale industries cottage industries and their products should be encouraged. The products in the large scale industries should be

subject to heavy excise duties and export duties should be reduced on them so that the manufacture of our large scale industries can find export market and all taxation particularly excise duties shall not be levied on hand-loom cloth and other cottage products and the local consumer should consume the latter. In my opinion, this would be a correct policy and if I recall the Japanese adopted the same approach before the war While Japanese goods sold cheaper in other countries they sold in their home country at a higer rate. So the large scale manufacturer has to find outside market and home market should be reserved completely to the small scale industries.

That can be achieved by levying a heavy excise duty on the manufactured products coming from large scale industries. If Mysore and Madras have done this, I think it is in the right direction. Our State Government also would have considered about this. We passed an enactment for betterment levy. We do not find any in come from the recoveries. Even the present sales tax realisations, so surprising it is, have not reached even the two-crore target. On one side there has been pressure from the people of Hyderabad and on the other from the Government of India to abolish export customs. We hear from the Government that they have been able to impress upon the Government of India the need to allow us to continue this for one more year. 1 crore and 35 lakhs from export customs, 65 lakhs of surcharge, thus 2 crores of rupees have to be made up. In what way are we going to make it up? It is only through realisation of sales tax. If sales tax realisations have not reached that mark, our deficits in future will be much more. Therefore I hope the Finance Minister will find ways and means to see that realisation of sales tax is enhanced. Is this laxity in realization due to the increase in the rate of taxation or is it due to the reason that the Department has not been able to build up an organisation, particularly in district areas ? What are the difficulties ?

There are certain things done in 1953, which should be appreciated. One thing we should appreciate or we should thank nature (for its kindness) which has been responsible for lifting controls on food stuffs. But lifting of controls has its repercussions also. As has been remarked by one of the hon. Members from Opposition, the producer-cultivator may be put to some difficulty in paying back the taccavi loans if the prices go down. But control does not mean pegging prices at the floor level. It is only the ceiling prices that are controlled. So it will not be possible for us to keep the floor

prices of any commodity and compel the consumer to purchase. But it happend that the system of controls resulted in hoarding and restriction on movement; thereby the commodity had a price. That thing is not now available. So there are apprehensions that the prices may still go down. Before the controls were removed, there were apprehensions that the prices may go up, but now the apprehension is that it may go down. If the prices start coming down, particularly agricultural produce, there will be a terrible crisis in the rural sector. Our industries will also suffer, because the cultivator will not be able to purchase the industrially manufactured goods. In this context I would like to answer the remark made about deficit financing or deficit budgetting. This year's deficit of a crore or two cannot be called deficit financing. This subject is for the Centre to look to and the State's deficit has somehow or other to be covered up, either by taxation or by trying to draw upon the balance of reserves or by central assistance. We do not have control over currency, *i.e.*, the power to issue further notes. As I just said, the prices of commodities are showing a downward trend. There is no fear that there would be inflation and the prices would shoot high and the purchasing power will come down. The prices in June 1953 reached a peak level and they have been gradually coming down since. Therefore any deficit in our budget is not going to affect much. We need not worry about our deficit budget.

Certain good things have happened, last year, as I said. One such is the lifting of controls. The next is the constitution of the Land Commission which is going to work. Then the National Extension Services have been started. In future our economic development will be related to four sectors: one, certain items under the first five-year-plan, and subsequently with the second five year plan; second, community development; third, the National Extension Services and fourth, the local development works. I am glad that 1953 has been the year for starting these National Extension Services. We are going to have a Land Improvement Board also which may do some good work, particularly in Marathwada where bunding is necessary. Industrial Laboratories have been opened and in this connection I want to say that it is a white elephant on us. Of course, industrial research is necessary, but any research that will be made will not be confined to Hyderabad's frontiers alone and as such the Government of India should bear the expenditure. Otherwise, the State's funds would not be able to cope with its requirements.

Another happy incident that has taken place is the Nizam's voluntary reduction of 25 lakhs of rupees. I do not know why this has not been mentioned in his address. I also find in the loan and debt account, that some interest is going to be paid to the loans of the Nizam. I do not know what the constitutional position is; whether this House has anything to say on this point of borrowing and the determination of interest on the loans. I do not find any mention of this in the Constitution. That is one of the most important things that does not come before us, *i.e.*, the amount or quantum of loan the Government desires to borrow, the terms on which it likes to borrow and the terms on which it wants to repay. This is not a matter that comes before us. But anyhow we are indebted to the Nizam. We have borrowed from him more than 18 crores of rupees—it may have exceeded even 20 crores and if he begins to charge interest and demand interest, then it will be a heavy liability on us. I am afraid, when I compare this budget with last year's, on one item—particularly the miscellaneous item—I find $2\frac{3}{4}\%$ being entered there and on about 4 crores and 40 lakhs of rupees some 12 to 13 lakhs of interest is to be paid. Then, I find that no benefit has come out by the reduction of 25 lakhs of rupees. The Nizam may do it from the front door and take 11 to 12 lakhs of rupees from behind. Anyhow this is a very knotty affair particularly for us to square up with the Nizam. The hon. Members may say 'Let us borrow', but I am not very anxious to borrow for the reason that the re-payment of the loan and the interest charges we have to pay will take away all the current receipts. So, some effort has to be made of compounding the Nizam's loans. We have been only catching the tail, *i.e.*, 50% Sarf-e-khas compensation. But the main burden is the huge loan that he has kept on our shoulders to carry and I am afraid and I am not sure that we can pay back in a reasonable period. Therefore, some effort will have to be made in sitting with the Rajpramukh and then coming to certain terms and in this regard I submit before the House that abut $4\frac{1}{2}$ crores of rupees have been given as a loan just after police action for running the administration. That is the information we have. Because the treasury was emptied by the Government before Police Action. It was not given for any beneficial or development work. The Rajpramukh can sympathize with the condition of the State and sit with the Government to see that the loan amount is reduced by an appreciable extent. Otherwise, the tax-payer in the State will not be able to better his condition.

To improve our finances, we have got to sell the property in the city itself, *i.e.*, the City Improvement Board's buildings. I do not know why the Government is hesitating to sell these buildings. That money can be rolled up. Even the sale of the buildings at Delhi and the sale of property at Bombay have taken a lot of time. If we can dispose all such properties which are not very useful to us, we can improve our ways and means and balance our position. The money that is held up at London (1.97 crores) has not been settled and it has also taken a long time. Of course, I know it is not within our purview or capacity to set it right but anyhow some sort of an effort will have to be made in this direction.

An Industrial Finance Corporation has been set-up this year. It is a very good thing. It is a happy beginning. The small scale industries can look forward to this Corporation for funds and the industrial development of the State will make some rapid strides. But I would like to say one thing, about the Chairman of the Corporation. In my opinion, the Chairman of such a Corporation should not be an industrialist. I would always plead that a legislator should not be a vakil. I do not want to cast an aspersion on the lawyers' profession. Similarly an industrialist should not be at the helm of a Corporation, particularly a Corporation which lends money. The industrialist himself any have certain interests in the industry. Such a thing has happened at Dlehi also and I wish the Government will keep this in view atleast when a change is necessary sometimes after.

We have lost nearly 25 to 30 lakhs of rupees this year for not having acted expeditiously. The first is levying full assessment on Inam lands. The second is the abolition of Mansabs to the extent that we could. The state's finances have lost 28 to 30 lakhs of rupees under these two items. The Government does things according to admitted policies. The Congress party also has laid down this policy as any other party has done. Particularly in Hyderabad we have these 4 or 5 items before us like the abolition of Jagirs and Crown lands and paying only the minimum compensation, then the abolition of Inams and abolition of Mansabs and also the Watandari, which is an administrative reform. There is no difference of opinion on these things. The Congress party is also anxious that these relics or past evils must be cradicated at the earliest so that the economic and social development could go ahead rapidly. But what happened is that by not

doing things in time, the grace of it is lost and the persons sitting on the left get the credit. We are losers both ways. We have the same views as the members of the other side. We quarrel with our leaders and voice our feellings in the party, whereas the members on the other side take the advantage of saying things from this platform and the Congress party is deprived of the credit that should go to it. This may be taken note of by the leaders of the Congress party and the things that needs to be done may be done in time and with grace.

Mr. Deputy Speaker : How much more time does the hon. Member require ?

Shri V.B. Raju : Without taking any more time, I request the Government to pay attention and throw more light on the following matters: Firstly, the Five-year Plan and its working, *i.e.* the activities carried out the plan in the three years should be made available. Second the nature of the community development schemes and the targets that have been achieved. Third, the arrears that Government have to realise from certain departments like Forests and Abkari. A statement of loans that have been given to various institutions should be given. I would like a committee of experts to be set up, as the Centre has done (though the work is entrusted to an individual), with a view to see how the expenditure under the Five-year Plan has secured returns ; whether the unit cost has exceeded the standard minimum or whether there is any extravagance. There is no use in spending the money, unless the targets are realised and for that purpose a committee should be set up.

I would say that the Government has done its best in not taxing the people and on this account, the Opposition has no complaint. But the Government will be doing a mistake, if it will not tax now. It will be missing the bus because there is a downward trend of prices.

The House then adjourned for recess till Thirty Five minutes Past Five of the Clock.

The House re-assembled after recess at Thirty-Five minutes past Five of the Clock.

[MR. DEPUTY SPEAKER IN THE CHAIR]

شری سید اختر حسین (جنگاؤں) جناب اسپیکر صاحب - آج ہم جمہوری زندگی کے تیسرے سال میں داخل ہوئے ہیں - جو نیا بجٹ ہمارے سامنے آیا ہے اسکے بارے میں یہاں اپوزیشن کی جانب سے خاص طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ حکومت اور حکمران طبقہ کو کچھ ایسے مشورے دئے جائیں جن سے وہ کمزوریاں اور خامیاں دور ہوسکیں جو اس وقت موجود ہیں - لیکن موازنہ پر گفتگو کرنے سے پہلے میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ جس دیش میں ہم رہتے بستے ہیں وہاں کے خارجی حالات کس قسم کے ہیں - کس قسم کا نیا سماج پیدا ہورہا ہے اور وہ کونسے طبقات ہیں جنکی کشمکش بڑھ رہی ہے اسکے بارے میں کچھ عرض کروں - جبتک ان سوالات پر نظر نہ ڈالی جائے ظاہر ہے کہ ہم موازنہ کو صحیح طور پر سمجھ سکتے ہیں اور نہ اصولی طور پر کوئی صحیح رہنمائی کرسکتے ہیں - کسی حکومت کا موازنہ صرف اعداد و شمار کا مجموعہ نہیں ہوا کرتا بلکہ وہ عکس ہوتا ہے آئینہ دار ہوتا ہے اوس سماج کا اوس سوسائیٹی کا اور اوس طرز زندگی کا جس سے کہ وہاں کا حکمران طبقہ آگے بڑھتا ہے یا اسے پسپا ہونا پڑتا ہے - میں آج دیش کی حالت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اور خاص طور پر حیدرآباد کے تعلق سے عرض کرونگا کہ ہم یہ کہنے اور یہ محسوس کرنے پر مجبور ہیں کہ پچھلے دو ڈھائی سال کے دوران میں جو توقعات اور جو امیدیں اس حکومت سے وابستہ تھیں اور عوام نے جو توقعات وابستہ کر رکھی تھیں اور جسطرح لوگ سوچ رہے تھے کہ نئی زندگی کی جانب وہ آگے بڑھ سکیں گے افسوس کہ حکمران طبقے کی جانب سے اس میں نہ صرف رکاوٹیں ڈالی گئیں بلکہ باوجود اون کوششوں کے جو عوامی جدوجہد کے ذریعہ جمہوری طاقتوں کو آگے بڑھانے کے لئے کی گئیں کچلنے کی مسلسل کوشش کی جاتی رہی - چونکہ ان کوششوں کے باوجود وہ تمنائیں پوری نہ ہوسکیں - اسلئے ہمکو جائیزہ لینا ہوگا کہ وہ کونسے اسباب تھے وہ کونسی بنیادی باتیں تھیں جنکی وجہ سے یہ رکاوٹیں پیش آئیں - ہم دیکھتے ہیں کہ ساری دنیا اور خاص طور پر ایشیا اور ایشیا کے وہ دیش جہاں سامراجی اثرات ہیں یا (Colonial or semi-colonial countries) ہیں ان میں ایک ابھرتی ہوئی قوت آگے بڑھ رہی ہے - ہم دیکھتے ہیں کہ پچھلے چند سال میں ایشیا کے بڑے بڑے دیشوں میں وہاں کے عوام نے اپنی جدوجہد کے راستہ کو کامیابی کے ساتھ طے کیا ہے اور یقین کیا جاسکتا ہے کہ انکا اپنی منزل پر پہنچنا مشکل نہیں ہے - ۱۵- اگسٹ سنہ ۱۹۴۷ع کو انگریز ہندوستان سے چلے گئے اور ہمیں آزادی مل گئی - لیکن کیا فرق ہے اوس آزادی میں جو ہمیں حاصل ہوئی اور اوس آزادی میں جو ہمارے پڑوسی ملک چین کو حاصل ہوئی - اسی فرق کو سمجھنے کے بعد ہم کسی نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں - میں اشارتاً مختصر الفاظ میں عرض کرونگا کہ جب تک سیاسی اقتدار عوام کے حقیقی نمائندوں کے ہاتھ میں نہیں آتا اون طبقوں کے ہاتھ میں نہیں آتا جو محنت کش عوام سے تعلق رکھتے ہیں - جو کسان اور مزدور

ہیں جنھیں سماج کی ریڑھ کی ہڈی کہا جائے تو بجا ہے ۔ درمیانی طبقے کے وہ لوگ جو محنت کش ہیں جب تک انکے ہاتھوں میں اقتدار نہ آئے ان کے مسائل کو بھی جمہوری طور پر حل نہیں کیا جاسکتا ۔ مکسڈ اکانمی (Mixed economy) مخلوط معیشت کی جو باتیں کہی جاتی ہیں انکے صرف یہی معنی ہیں کہ انگریز تو یہاں سے چلے گئے لیکن انکا انداز فکر انکا انداز معیشت اور انکا سامراجی طریقہ ورثے کے طور پر باقی رہا ۔ ہمارے نیتاؤں نے انہیں راستوں کو اختیار کیا اور انہیں راستوں پر مضبوطی کے ساتھ قائم ہیں ۔ جن گورے آقاؤں کے خلاف ہم نے بڑی طویل جدوجہد کی تھی آج ان ہی کے راستوں کو ان ہی طریقوں کو کانگریسی نیتا باقی رکھنا چاہتے ہیں ۔ ہمیں غور کرنا چاہئے کہ آخر ہماری معیشت میں کیوں انحطاط پیدا ہو رہا ہے ۔ دن بدن ہمارے کچلے ہوئے طبقات کا معیار زندگی کیوں گرتا جا رہا ہے اور کیوں لوٹ کھسوٹ کرنے والے طبقات پرانی سامراجی طاقتوں کو اپنے ساتھ ملا کر لوٹ کھسوٹ میں برابر آگے بڑھ رہے ہیں تو ہمکو لازماً اس نتیجے پر پہنچنا پڑتا ہے کہ جب تک ہم اس بنیادی سبب کو دور نہیں کرینگے اپنی منزل مقصود تک نہیں پہنچ سکیں گے اوس منزل تک نہیں پہنچ سکیں گے جو جدوجہد کے زمانے میں ہمارے پیش نظر تھی اور آج بھی ہمارے سامنے ہے ۔

اس مختصر سی تمہید کے بعد میں اس مواز نہ کی جانب آتا ہوں جو ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے اور جس کے اعداد و شمار اور خاص مدات کے بارے میں کل سے آج تک مختلف تقریریں ہوئی ہیں ۔ اس مواز نہ میں آمدنی اور خرچ کی جو رقمیں بتلائی گئی ہیں ان پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ گذشتہ سال اور پیوستہ سال کے مقابلہ میں اس سال کوئی بڑا فرق پیدا نہیں ہوا ہے ۔ ہاں تھوڑا بہت فرق جو نظر آتا ہے وہ پانچ سالہ منصوبہ کے تحت ہے ۔ لیکن پانچ سالہ منصوبہ ہمارے ملک میں کس طرح چل رہا ہے میں اس جانب ایوان کی توجہ مبذول کراؤں گا ۔ ہمیں یہ بھی دیکھنا پڑیگا کہ اس کا اگلا راستہ کیا ہے ۔ اور یہ کہ فائیو ایر پلان کے جو اہم مدات ہیں ان کا تعلق کس نظام سے اور کس طبقہ سے ہے ۔ میں یہ کہوں تو بیجا نہوگا کہ یہ پانچ سالہ منصوبہ ایسی حقیقت ہے جس کو سر کے بل کھڑا کردیا گیا ہے ۔ کسی جمہوری منصوبہ بند معیشت کے لئے یہ چیز ضروری ہے کہ لوگوں کی ضروریات اور ملک کے وسائل کے لحاظ سے منصوبہ بندی کی جائے ۔ لیکن جس طرح کی منصوبہ بندی ہمارے سامنے آئی ہے وہ ہمارے سماج کے ایک ہی پہلو کو لیتی ہے ۔ اور اس میں بہت سی بدعنوانیاں ہیں اس کی ورکنگ میں کئی خرابیاں اور نقائص ہیں ۔ اور تین سال گذرنے کے باوجود ہمارے سامنے اس کا کوئی واضح نقشہ نہیں آیا ہے ۔ اور اس سے عوام کو کیا فائدہ ہوا نظر نہیں آتا ۔ مرکزی حکومت کے فینانس منسٹر نے اپنی بجٹ اسپیچ میں کہا کہ ہماری پر کیا پٹا (Per capita) انکم پچھلے سال سے بڑھی ہے ۔ لیکن پر کیا پٹا انکم نکالنے کے طریقہ کا بھی جائزہ لینا پڑیگا ۔ اس لئے کہ ایک طرف ہمارے ملک میں وہ امیر طبقہ ہے ۔ وہ بڑے بڑے راجہ مہاراجہ ہیں ۔

وہ جاگیردار ہیں جن کے لاکھوں اور کروڑوں روپیوں کی آمدنی ہے اور دوسری طرف وہ غریب کسان اور مزدور ہیں جن کو دو وقت روٹی نہیں ملتی ۔ ان دونوں طبقات کی آمدنیوں کو ملا کر اوسط نکالا جانا ایک منطقی مغالطہ سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتا ۔ مثال کےطور پر راج پرمکھ خزانہ سے سالانہ ایک کروڑ روپیہ حاصل کرتے ہیں۔ اور بڑے بڑےجاگیردار عہدہ دار اور وزراء لاکھوں کی تعداد میں سالانہ روپیہ حاصل کرتے ہیں۔ ان کے مقابلہ میں بہت بڑی تعداد ان کارکنوں اور چپراسیوں کی ہےجو دفتروں میں کام کرتے ہیں اور کم معاوضہ پاتے ہیں ۔ ان دونوں کو ملا کر اگر اوسط نکالا جاتاہے تو اس طرح صحیح صورت حال کیوں کر معلوم ہوسکتی ہے کہا جاتاہے کہ حیدرآباد کا اوسط پر کیا پیٹا انکم ۱۹۸ یا ۲۰۰ آتی ہے ۔ لیکن میں پوچھتا ہوں کتنے لوگوں کو اتنی آمدنی میسر ہوتی ہے ۔ کتنے لوگ اس طرح اپنی نیشنل انکم سے فائدہ حاصل کرتے ہیں ۔ جب کبھی نیشنل انکم کا سوال آتا ہے ہمارےقومی کاموں کو ترقی دینے کا مسئلہ حکومت کے ارباب مقتدر کے سامنے رکھا جاتاہےتو سب سے بڑا عذر جو ہمارے سامنے کیا جاتاہے وہ یہ ہے کہ ہمارےپاس روپیہ کی کمی ہے ۔ میں اس مختصر وقت میں جو مجھے حاصل ہے زیر بحث بجٹ کے اس حصہ سے زیادہ تر بحث کروں گا جس کا تعلق اس امر سے ہے کہ ہمارے پاس روپیہ کی کمی کیوں ہے۔ اور یہ سوال کہاں تک درست ہے۔ اور اس کمی کو کس طرح دور کیا جاسکتا ہے ۔ اوس جانب کے ایک آنریبل ممبر نے یہ فرمایا کہ متبادل ذریعہ بتلائے جانے چاہئیں ۔ اسی صورت میں گورنمنٹ ان سے فائدہ اٹھاسکتی ہے اور اپوزیشن کا تعاون حاصل کرسکتی ہے ۔ اسی لئے میں صاف صاف لفظوں میں چند ایسے پہلوؤں کی جانب اشارہ کروں گا جن پر اگر واقعی سنجیدگی اور خلوص نیت کےساتھ غور کیا جائے اور کوشش کی جائے تو نہ صرف ہماری قومی آمدنی میں اضافہ ہوسکتا ہے اور بجٹ کا خسارہ دور ہوسکتا ہے بلکہ ہم ان کاموں کی طرف بھی آگے بڑھ سکتے ہیں جو ہمارے تعمیری کام ہیں اور جنہیں اولیت حاصل ہے ۔ میں ان تفصیلات میں جانا نہیں چاہتا کہ بجٹ کا کتنا حصہ تعمیری کاموں پر صرف ہونا چاہیے ۔ لیکن میں یہ ضرور اشارہ کروں گا کہ آنریبل ممبر فرام سکندرآباد نے ابھی ابھی اپنی تقریر میں فرمایا کہ ہمارے پاس کیاش بیالنسس (Cash balances) کی اس وقت ضرور کمی ہے ۔ لیکن یہ کوئی تشویشناک بات نہیں ہے ۔ اور یہ کہ ہم بحیثیت مجموعی آگے بڑھ رہے ہیں۔ ہمارا معیار زندگی بڑھ رہا ہے۔ لیکن اس کےساتھ ساتھ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہمارےبجٹ کو ایک خصوصیت پچھلے دو سال سے حاصل ہےوہ یہ ہے کہ ہم تعمیر کے کاموں پر جتنا روپیہ منظور کرتے ہیں ۔ سال کے ختم ہونے پر پتہ چلتا ہے کہ اتنا روپیہ خرچ نہیں ہوا ہےاور انتظامی امور اور سیکورٹی سرویسس کے لئے جو روپیہ منظور کرتے ہیں وہ سال کے آخر پر نہ صرف ختم ہو چکتا ہے بلکہ اس میں مزید اضافہ کا مطالبہ بھی پیش ہو جاتاہے۔ یہ چیز اس بات کا پتہ دیتی ہے کہ ہم جس طریقہ سے سوچتے ہیں کہ ہمارا معیار زندگی بڑھ رہا ہے ہماری آمدنی کےوسائل بڑھ رہے ہیں وہ صحیح

نہیں ہے ۔ بلکہ اس ڈھانچے میں جو ہمارے سامنے ہے اس کی جو حقیقت ہے وہ اس طریقہ سے سب کے سامنے عیاں ہو جاتا ہے کہ ہماری آمدنی اور خرچ کا اصل رخ کس طرف ہے اور پھر ہمیں یہ بھی پتہ چل جاتا ہے کہ قومی تعمیر کے کاموں سے جو آمدنی ہونی چاہیئے وہ کیوں نہیں ہو رہی ہے ۔ اسلئے کہ اس مد پر پورا روپیہ صرف بھی نہیں ہو رہا ہے اور دوسری جانب جسطرح سے منصوبہ بندی ہونی چاہئے اس میں بہت کچھ کمزوری اور خامی ہے ۔ خسارہ کا بجٹ یقیناً قابل مبارکباد اور قابل خیر مقدم ہوتا ہے بشرطیکہ ہم یہ معلوم کرسکیں کہ ہمیں جو خسارہ نظر آرہا ہے اس کی وجہ رقومات کا قومی تعمیر کے کاموں پر خرچ ہے ۔ لیکن جیسا کہ میں نے ابھی کہا قومی تعمیر کے کاموں پر خرچ کا جتنا ہم اندازہ کرتے ہیں اتنا بھی ہم خرچ نہیں کرتے ۔ ایسی صورت میں خسارہ قابل تشویش ہو جاتا ہے ۔ پھرآخر یہ خسارہ کیوں ہوتا ہے ۔ ہمیں اسکے متعلق غور کرنا ضروری ہے ۔ اگر یہ کہا جائے کہ ہمارا معیار زندگی بڑھ رہا ہے اور ہماری خوشحالی میں اضافہ ہورہا ہے اور اس بات کو مان لیا جائے تو یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جن مدات میں خسارہ نظر آرہا ہے اسکی کیا وجہ ہے ۔ کیا لوگوں کی قوت خرید اتنی کم نہیں ہوئی ہے کہ وہ اپنی ضروریات اور مطالبات کے بموجب روپیہ صرف نہیں کررہے ہیں اور قومی آمدنی کو بڑھانے میں حصہ نہیں لے رہے ہیں ؟ کیا لوگوں کے پاس روپیہ کی اتنی کمی ہے کہ وہ ایسے محاصل جو ان پر عائد کئے جاتے ہیں ادا نہیں کرسکرہے ہیں ؟ جن مدات میں خسارہ بڑھ رہا ہے انہیں دیکھنے سے تو یہی پتہ چلتا ہے کہ لوگوں کا معیار زندگی گھٹ رہا ہے ۔ پنج سالہ منصوبہ کے تحت کہا جاتا ہے کہ پیداوار بڑھ رہی ہے ۔ لیکن جب ہم اس کا تجزیہ کرتے ہیں کہ بڑھتی ہوئی پیداوار کا ہمارے ملک کے لوگوں کی آمدنی کے ساتھ کیا تناسب ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ پچھلے چند سالوں کے مقابلہ میں یقیناً صنعت اور زراعت کے بعض گوشوں میں ترقی ہوئی ہے لیکن اس پیداوار کے بڑھنے کا بوجھ کن طبقات پر پڑ رہا ہے اس کو بھی دیکھنا ہوگا ۔ اور اسکے ساتھ ہمیں یہ بھی غور کرنا ہوگا کہ آمدنی بڑھانے کے کیا نئے وسائل ہوسکتے ہیں ۔ اور کس طریقہ سے ہم اپنی آمدنی کے وسائل کو مستحکم کرسکتے ہیں ۔ میں اس موقع پر بجٹ کے ایک پہلو پر خاص طور سے متوجہ کرونگا جسکا تعلق ہماری صنعتی زندگی سے ہے ۔ پنج سالہ منصوبہ میں زیادہ تر زور زراعت اور پراجکٹس پر دیا گیا ہے ۔ اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا یہی یہ وہ بات ہے جسکے بارے میں میں یہ سمجھا ہوں کہ حقیقت کو سر کے بل کھڑا کردیا گیا ہے ۔ یقیناً ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے ۔ اور ہمارے زرعی وسائل بنیادی چیزیں ہیں ۔ جب تک کسان کو زمین نہ ملے اس کے قرضوں کا بوجھ ہلکا نہو اس وقت تک دیش کی ترقی کا راستہ نہیں کھلتا اس وقت تک پیداوار میں اضافہ نہیں ہوسکتا ۔ اس وقت تک ہمارے وسائل نہیں بڑھ سکتے ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ہماری زمین پر میان پاور (Man power) کا بوجھ زیادہ ہے ۔ ہم یہ بھی سمجھتے

ہیں کہ کسان سے زیادہ آمدنی کا حصہ ہم کو حاصل نہیں ہوسکتا ۔ اور اسکو ریلیف دیا جانا چاہئے ۔ جس کے لئے ہمیں اس پر سے محاصل کے بوجھ کو کم کرنا ہوگا ۔ اس لئے ہمیں اپنی صنعتوں کی جانب دیکھنا پڑتا ہے ۔ جب تک دونوں مل کر ساتھ ساتھ آگے نہ بڑھیں ہمارا یہ پانچ سالہ منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا ۔ اسی پہلو کو ہم نے سب سے زیادہ نظر انداز کردیا ہے ۔ حیدرآباد ہی کو لیجئے ۔ حیدرآباد میں جو قدرتی وسائل ہیں جو میان پاور حاصل ہے وہ یقیناً ایسی دولت ہے جس سے بہت کچھ فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے ۔ اس سے ہم اپنی آمدنی کے وسائل کو بڑھاسکتے ہیں ۔ میں مختصر الفاظ میں چند خاص خاص صنعتوں کی جانب اشارہ کرونگا جو آج حیدرآباد میں قائم ہیں یا جو قائم ہوسکتی ہیں ۔ اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کرونگا کہ ہماری حکومت کی صنعتی پالیسی ترقی پسند پالیسی بن سکتی ہے ۔ اگر ہماری حکومت یہ سوچے کہ پبلک سکٹر (Sector) کو ترقی دینا ہے تو ایسی صورت میں ہماری معیشت آگے بڑھ سکتی ہے ۔ اس کے لئے ہمیں اس امر کو پیش نظر رکھنا ہوگا کہ ہمارے پاس لوگوں کی کیا کیا ضروریات ہیں اور انکے کیا کیا مطالبات ہیں اس لحاظ سے ہمیں اپنی صنعتی پالیسی کو ترقی پسند خطوط پر بڑھانا ہوگا ۔ اور آج دیش میں جو صنعتیں موجود ہیں انہیں ترقی دینے کے لئے اور انہیں باقی رکھنے کے لئے کوشش کرنی ہوگی ۔ حیدرآباد میں پچھلی جنگ کے دوران میں کچھ صنعتیں قائم ہوئی تھیں ۔ لیکن پچھلے چند سال کے اندر ہمیں یہ دیکھکر افسوس ہوتا ہے کہ بہت سی صنعتیں نہ صرف بند ہوگئی ہیں اور بہت سی صنعتیں ایسی ہیں جنکی حالت دن بدن بدتر ہوتی جارہی ہیں ۔ آخر اسکی کیا وجہ ہے ۔ اس بارے میں میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ خود کانگریس کی مقرر کردہ پلاننگ کمیٹی نے صنعتوں کے متعلق جو مختلف سفارشات کئے تھے ۔ آج کانگریس نے برسر اقتدار آنے کے بعد ان سفارشات کو گردوغبار کے ڈھیر میں ڈالدیا ۔ اگر ان سفارشات کو سامنے رکھا جاتا جو لوگوں کے اپنے مطالبات کے لحاظ سے مرتب کی گئی تھیں تو یقیناً کافی کامیابی حاصل ہوتی ۔ اس میں ایک سفارش یہ کی گئی تھی کہ مینیجنگ ایجنسیز کا جو طریقہ رائج ہے وہ صنعتوں کے لئے مضر ہے اس کو ختم کرنا چاہئے ۔ لیکن آئی ۔ ٹی ۔ ایف کی جانب سے ہماری صنعتوں میں جو روپیہ لگا ہوا ہے وہ ساری صنعتیں مینیجنگ ایجنسیز کے ذریعہ چلتی ہیں ۔ مینیجنگ ایجنٹس اپنے منافعہ کے لئے اپنی دولت بڑھانے کے لئے صنعتوں کی ترقی کی جانب اتنا زیادہ دھیان نہیں دے سکتے جس طرح کہ انہیں دینا چاہئے ۔ ہمارا تجربہ بھی یہی بتلاتا ہے کہ حیدرآباد میں جتنی صنعتیں مینیجنگ ایجنٹس کے ذریعہ چلتی ہیں ان کا دیوالیہ نکلتا جا رہا ہے یا وہ اوور کیپیٹالائیز (Over capitalize) ہوتی جارہی ہیں ۔ ان میں کرپشن (Corruption) بڑھتا جا رہا ہے ۔ اس لئے سب سے پہلی بات یہ ہے کہ مینیجنگ ایجنسیز کے سسٹم کو ختم کیا جانا چاہئے ۔ اور جو منافعہ بخش صنعتیں ہیں انہیں حکومت کو خود اپنے ہاتھ میں لیکر چلانا چاہئے ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ حکومت نے سرپور اور سرسلک انڈسٹریز کو برلا کے حوالہ کردیا محض اس عذر کی

بناء پر کہ اس کو چلانے کے لئے چند لاکھ روپیوں کی ضرورت ہے - اور حکومت کے پاس ان صنعتوں میں لگانے کے لئے اتنا روپیہ نہیں ہے - از بسٹاس اور آلوین اس قسم کی صنعتیں ہیں جن کو ترقی اور منافع کے راستے پر چلایا جاسکتا ہے اور مینیجنگ ایجنسیز کے طریقے کو ختم کرکے ان کی خرابیاں دور کی جاسکتی ہیں - وہ نہ صرف نفع بخش بن سکتی ہیں بلکہ ان کی وجہ سے ہماری قومی آمدنی میں کافی اضافہ ہوسکتا ہے - آلوین کے بارے میں آنریبل فینانس منسٹر جو صنعت و حرفت کے منسٹر بھی ہیں ان سے مجھے یہ کہنا ہے کہ اس صنعت میں ریفریجریٹرس سکشن (Refrigerators Sections) بھی موجود ہے اس کے لئے مشینری آکر پڑی ہوئی ہے - اگر اس سکشن کو چلایا جائے اور استعمال کیا جائے تو ماہرین کی یہ رائے ہے کہ یہ صنعت ہندوستان میں سب سے بڑی صنعت بن سکتی ہے - اور سب سے زیادہ نفع بخش صنعت بن سکتی ہے - لیکن مینیجنگ ایجنٹس نے اس پر کوئی توجہ نہیں دی ہے - گورنمنٹ کو چاہئے کہ اس کو روبہ عمل لائے - اسی طرح سے اسبطاس کی صنعت ہے جو ہندوستان میں صرف دو مقامات پر پائی جاتی ہے - ایک کارخانہ بمبئی میں ہے اور ایک حیدرآباد میں - بمبئی کے کارخانہ میں انگریزوں کا سرمایہ ہے اور اسکا مال یہاں کے مال سے بہتر ہوتا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ وہاں اچھے ماہرین موجود ہیں اور جنوبی افریقہ سے جو رامیٹیریل منگایا جاتا ہے وہ سستا پڑتا ہے - اس وجہ سے وہ کامپیٹیشن میں بھی ہم سے آگے ہیں - اسکے برخلاف ہمارے پاس کینڈا سے رامیٹیریل منگایا گیا جو گراں بھی تھا اور وہ اس قسم کا تھا کہ وہ استعمال نہیں کیا جاسکتا تھا - آنریبل وزیر صنعت اسکو جانتے ہونگے اور اس سے پہلے جو لیبر منسٹر صاحب تھے وہ بھی جانتے ہیں کہ اس مال کی نسبت یہ تصفیہ ہوا کہ وہ استعمال نہیں کیا جاسکتا - بہت دنوں کے بعد ایک اٹالین اکسپرٹ نے یہ رائے دی کہ دوسرے طریقہ سے اسکو استعمال کیا جاسکتا ہے لیکن اسپر عمل نہیں کیا گیا اس قسم کا ہماری صنعتوں میں جو مس مینجمنٹ اور کرپشن ہے اسکو ختم کرکے بہت بڑا فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے -

اسی طریقہ سے یہاں اور دوسری صنعتیں ہیں - اس میں سب سے بڑی صنعتیں سونے اور لوہے کی ہیں - ہٹی گولڈ مائنس کے بارے میں میں ایوان کو یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ اس میں پورا روپیہ حکومت کا لگا ہوا ہے لیکن وہاں کی مینجنگ ایجنٹس انگریزوں کے ہاتھ میں ہے اور اسکا مینجر بھی انگریز ہے کولار گولڈ فیلڈس سے بھی تعلق ہے - اسکی وجہ سے یہ ہورہا ہے کہ ایک تو انتظامات میں بہت زیادہ روپیہ خرچ ہوجاتا ہے اور پھر ایسی خبر بھی ملی ہے کہ اگرچہ یہاں سونے کا پروپورشن (Proportion) زیادہ ہے لیکن یہاں سے اسمگلنگ (Smuggling) ہوتی ہے - اسکی جانب حکومت نے کوئی توجہ نہیں کی - اسکو اپنی نگرانی میں لیا جائے اور اچھے طریقہ سے کام کیا جائے تو یہ ہمارے بہت بڑے فائدہ کی صنعت بن سکتی ہے -

اسی طرح کوئلہ جو سنگارینی کالریز میں ہوتا ہے اسکے بارے میں عام طور پر سمجھا گیا ہے اور اکسپرٹس نے یہ رائے دی ہے کہ یہاں کا کوئلہ بہ نسبت دوسرے مقامات کے بہتر ہوتا ہے لیکن یہاں اس صنعت کو کسطرح ترقی دیجاسکتی ہے اسکے بارے میں توجہ نہیں کی گئی ہے ۔ مثال کے طور پر یہ چند صنعتیں ہیں جو ہمارے ملک میں موجود ہیں لیکن مینجنگ ایجنسی سسٹم کی وجہ سے اور اسکی وجہ سے جو کرپشن ہے جیسا کہ آلوین وغیرہ میں ہے ترقی نہیں کرسکیں ۔ جب حکومت کو اس جانب توجہ دلائی جاتی ہے تو حکومت کے متعلقہ عہدہ دار اور منسٹر صاحب ان چیزوں کی گہرائی میں جاکر تحقیقات کرنے کی بجائے یہ جواب دیتے ہیں کہ ہمارے پاس روپیہ نہیں روپے کی کمی کی وجہ سے ہم انکا انتظام نہیں سنبھال سکتے ۔ انکو نہیں چلاسکتے ۔ اس وجہ سے صنعتیں بند ہوتی جا رہی ہیں ۔ مزدور بیکار ہوتے جا رہے ہیں معاشی بحران بڑھتا جارہا ہے ۔ لیکن اس سلسلہ میں کسی منظم اسکیم کو روبعمل لانے کا نام نہیں لیا جاتا ۔

ان صنعتوں سے ہٹ کر حیدرآباد میں جو بڑے بڑے معدنی وسائل ہیں ان کو پیش نظر رکھیں تو اس ریاست میں ایسی صنعتیں قائم ہوسکتی ہیں جو نہ صرف منافع بخش بن سکتی ہیں بلکہ ان سے حیدرآباد میں رہنے بسنے والے ایک کروڑ ۸۰ لاکھ لوگوں کی مختلف ضروریات کی تکمیل ہوسکتی ہے ۔ ہماری ریاست میں آئیل سیڈس اتنی بڑی مقدار میں پیدا ہوتے ہیں کہ اگر تیل کی صنعتیں یہاں قائم کی جائیں تو وہ نفع بخش بن سکتی ہیں ۔ اسی طرح سے کپاس بھی بہت بڑی مقدار میں پیدا ہوتی ہے ۔ لیکن یہ دونوں چیزیں باہر چلی جاتی ہیں اور ان سے ہم اس طرح سے فائدہ نہیں اٹھا رہے ہیں جس طرح کہ ہم کو اٹھانا چاہیئے ۔

اس کے علاوہ ایسی چھوٹی چھوٹی صنعتیں ریاست حیدرآباد میں قائم ہوسکتی ہیں جو ایک طرف ہماری ضروریات کو پورا کرسکتی ہیں ۔ دوسری طرف بیروزگاری کو ختم کرسکتی ہیں اور تیسری طرف قومی دولت میں ان سے اضافہ ہوسکتا ہے ۔ مثال کے طور پر یہاں لیدر کی صنعت قائم ہوسکتی ہے جو دباغت کرکے باہر بھیجا جاتا ہے اور جس سے ہماری قومی آمدنی کا کئی لاکھ روپیہ باہر چلا جاتا ہے ۔ اگر لیدر کی صنعت کو یہاں قائم کرکے یہ فائدہ اٹھایا جائے تو یہ بات بالکل ممکن ہے ۔ حیدرآباد میں تقریباً ۲۰ لاکھ روپے سالانہ چمڑے کی اشیاء کی کھپت ہے جو باہر سے آتی ہیں اگر لیدر کی صنعت یہاں قائم ہوجائے تو ہماری قومی آمدنی کو بڑھانے کا باعث بن سکتی ہے ۔

اس کے علاوہ ہماری قومی آمدنی کو بڑھانے کے اور بہت سے طریقے ہوسکتے ہیں اور یہ جو رونا رہتا ہے کہ ہمارے پاس خسارے کا بجٹ ہے ۔ ہم قومی کاموں پر زیادہ روپیہ صرف نہیں کرسکتے یہ دقت اور مشکل ختم ہوسکتی ہے ۔

ریاست میں ایک روڈ ٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ قائم ہے ۔ یہ ایک منافع دینے والا ڈپارٹمنٹ ہے ۔ لیکن اس جانب حکومت نے پچھلے تین سال میں کوئی توجہ نہیں کی ۔ لوگوں کی تکلیف اور ان کے مطالبات کو اگر نظر انداز بھی کردیا جائے اور صرف معاشی نقطہ نظر سے قومی آمدنی کو بڑھانے کے نقطہ نظر سے بھی دیکھا جائے تو بھی یہ ضروری تھا کہ اس محکمہ کی جانب زیادہ سے زیادہ توجہ کی جاتی اور زیادہ سے زیادہ نئے راستوں پر نئی بسیں چلا کر آمدنی حاصل کی جاتی ۔

اسی طرح سے جب ہمارا فینانشیل انٹگریشن سنٹر سے ہوا اس وقت حیدرآباد سے جتنا روپیہ گیا ہے اور اس کے جواب میں سنٹر نے جو کچھ روپیہ دیا ہے وہ بہت مایوس کن ہے ۔ جب سنٹر کی طرف سے بھاری صنعتیں قائم کرنیکی اسکیمیں آتی ہیں تو ان کے لئے دوسری ریاستوں کی جانب سے پر زور مطالبہ ہوتا ہے اور اکثر ان کے مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے یہ صنعتیں ان ریاستوں میں قائم بھی کی گئی ہیں یعنی یہ ریاستیں اپنے مطالبات کو منوانے میں کامیاب ثابت ہوتی ہیں لیکن ہمارے پاس سے اب تک کبھی بھی شدت کے ساتھ یہ مطالبہ نہیں گیا کہ یہاں بھی بھاری صنعتیں قائم کی جائیں ۔ حالانکہ ہمارے پاس اس کی گنجائش موجود ہے ۔ آندھرا کی سرحد پر ہم کو لوہا ملتا ہے ۔ کوئلہ تو ہمارے پاس ہے ہی ۔ ٹرانسپورٹ کے قاضی پیٹھ جنکشن پر اور اس علاقہ میں پن بجلی کوئلہ اور لوہا یہ تمام وسائل موجود ہیں ۔ ہمیں یہ چیزیں میسر ہیں ۔ اس لحاظ سے یہاں بھاری صنعتیں زیادہ سے زیادہ قائم ہوسکتی ہیں ۔ اگر سنٹر کو توجہ دلا کر بھاری صنعتیں ہمارے پاس قائم کی جائیں تو یقیناً ترقی کرسکتے ہیں ۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی سرمایہ داروں کو جس میں بڑے سرمایہ داروں سے لیکر خود راج پرمکھ تک شامل ہیں اس پر مائل کیا جائے کہ وہ باہر روپیہ لگانے کی بجائے خود یہاں کی صنعتوں میں لگائیں تو یقیناً اس سے بہت بڑا فائدہ ہوسکتا ہے

صنعتوں کے اس سوال پر میں زیادہ زور دیرہا ہوں کیونکہ جیسا کہ میں نے پہلے کہا جب تک ہمارے پاس صنعتیں قائم نہوں ہماری ترقی رکی رہیگی منجمد رہیگی اور اس وقت تک ہمارے قومی آمدنی کے وسائل بھی جنکی ہم تلاش میں رہتے ہیں حاصل نہیں کرسکتے ۔ ایک طرف ہماری صنعتی ترقی اور دوسری طرف زمین کے مسئلہ کا حل یہی دو معاشی پہلو ہماری سماج کے ایسے ہیں جو نہ صرف ہماری معیشت کو بڑھا کر قومی دولت کو بڑھا سکتے ہیں بلکہ بیروزگاری کے مسئلہ کو بھی دور کرسکتے ہیں اور ملک کو خوشحال بنا سکتے ہیں ۔

زمین کے مسئلہ پر دوسرے ساتھیوں نے بہت کچھ کہا ہے اور اس مسئلہ پر یہاں بہت بحثیں ہوئی ہیں اور ایک قانون بھی پاس ہوا ہے لیکن میرا یہ کہنا ہے کہ یہ اطمینان بخش قانون نہیں ہے اور نہ اس سے اطمینان بخش طریقہ پر زمین کا مسئلہ حل ہوسکتا ہے ۔ اس

قانون سے کسان کو زمین نہیں مل رہی ہے جو اناج کا پیدا کرنے والا ہے جو ہمارا انداتا ہے۔ اور جب تک اس کی قوت خرید اس کی اپنی زمین پر زیادہ اناج پیدا کرنے کی وجہ سے نہیں بڑھتی وہ ہماری صنعتی زندگی کا ایک جز نہیں بن سکتا۔ ہماری مجموعی ترقی اور خرشحالی میں شامل نہیں ہوسکتا۔ جب تک ہماری زرعی ترقی صنعتی ترقی کے ساتھ نہ ملجائے اس کے ساتھ نہ جڑ جائے اس سے ایک طرف کسان کی خرشحالی نہ بڑھے اور دوسری طرف مزدور اور درمیانی طبقہ کو کام نہ ملے ہمارے یہاں ایک خوشحال سوسائیٹی اور سماج پیدا نہیں ہوتے اور نہ اس وقت تک ظاہر ہے کہ ہم اس منزل پر پہنچ سکتے ہیں جو ٹھیک اس زمانہ میں جبکہ قومی تحریک چل رہی تھی اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے اور ملک کو خوشحال بنانے کے لئے عوام کے سامنے رکھ رہے تھے۔ ورنہ اس قسم کی باتوں سے ہماری قومی آمدنی بڑھی ہے نظام کو ایک کروڑ روپیہ ملتا ہے۔ بڑے بڑے برلاؤں اور ٹاٹاؤں کو اتنی زیادہ دولت اور منافع ہوتا ہے کہ اگر اسکو ملا کر یہ کہا جائے کہ فی کس آمدنی ۲ سو ہے یا ۳ ہزار ہے تو یہ صحیح نقشہ نہیں ہے اس تصور کو بدلنے کی ضرورت ہے۔ ہم کس قسم کا سماج قائم کرنا چاہتے ہیں اور کونسا طرز زندگی اختیار کرنا چاہتے ہیں اس کو دیکھنے کی ضرورت ہے۔ ایک ایسا طرز زندگی جو ایک بیدار اور باشعور انسان کا مطالبہ ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس کو سامنے رکھتے ہوئے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ آیا ہم اس طرز زندگی کو باقی رکھنا چاہتے ہیں جو سامراج نے ہمیں ورثہ میں دی ہے اور جسے ہم آج بھی باہر کے سرمایہ دارانہ نظام میں دیکھ رہے ہیں یا اسے بدلنا چاہتے ہیں۔ ایک طرف اس سوال کو حل کرنے اور دوسری طرف اس سے پیدا ہونے والے جو مسائل ہیں ان کو صحیح پرسپکٹیو (Perspective) کے ساتھ غور کرنیکی ضرورت ہے۔ لیکن کلاش (Clash) اور تصادم اس جگہ پیدا ہوتا ہے کہ کانگریس کے حکمران۔ کانگریس کے نیتا جو گدیوں پر بیٹھے ہوئے ہیں ان سے جب یہ مطالبات کئے جاتے ہیں اور ان کو یاد دلایا جاتا ہے کہ ۶۰ سالہ قومی تحریک کے زمانہ کی چلائی ہوئی جد وجہد پر نظر ڈالیں اور پھر سوچیں کہ آزادی کی ان لڑائیوں کا یہ مقصد نہ تھا کہ ایک سامراج چلا جائے تو ایک دوسرا سرمایہ دارانہ نظام اس کی جگہ لے لے اور اس پر اس سامراج کی چھاپ بدستور قائم رہے۔ انہیں یاد دلایا جاتا ہے کہ آپ نے خود اپنے پلیٹ فارم سے جو کہا تھا اور جو قرار داد دیں پاس کی تھیں اگر ان کو مشعل راہ بنایا جائے تو ایک خوشحال سماج کو قائم کرنے کے سلسلہ میں ہم آگے بڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ ہمارے ساتھ ہیں تو ہمارا بھی دست تعاون آپ کے ساتھ ہے۔ اس طرف سے جب یہ کہا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے کہ حالات بدل گئے ہیں اور حالات کے ساتھ ساتھ تصورات بھی بدلتے ہیں اور معیشت بھی بدلتی ہے۔

بہرحال مجھے یہ کہنا ہے کہ اس طریقہ کے عذرات اور اپنے آپ کو ڈیفنڈ (Defend) کرنے کے جو طریقہ ہیں ان سے کانگریس کے نیتاؤں اور حکمرانوں کو کسی کا تعاون بھی حاصل نہیں ہوسکتا۔ عوام کا جو غصہ حکومت کے خلاف بڑھ رہا ہے۔

اس کا اس طرح مقابلہ کر کے اس کو ختم نہیں کیا جاسکتا ۔ عوام کا غصہ جو بیروزگاری اور بھوک اور ننگدستی بڑھنے کی وجہ سے پیدا ہورہا ہے اس کو دور کرنا ہے تو دوسرے طریقے اختیار کرنے ہوں گے اور جب تک ایک خوشحال سوسائیٹی قائم نہ ہو عوام مطمئن نہیں ہوسکتے اور اس وقت تک یہ انقلابی سیلاب یقیناً بڑھتا رہیگا ۔ اگر کانگریس عوام کا اعتماد حاصل کرنا چاہتی ہے تو اس کو صاف صاف میدان میں آنا چاہیئے ۔ لگی لپٹی سے کام نہیں چلے گا ۔ پانچ سالہ پلان بنانے سے یا بڑی بڑی اسکیمات بنانے اور انہیں شاندار نام دے دینے سے مسائل حل نہیں ہوتے ۔ بلکہ سوچنا چاہئے کہ ہمارے چھوٹے چھوٹے مطالبات کیا ہیں ۔ سوسائیٹی کا ہر فرد زندہ رہنے کا حق رکھتا ہے اور سماج میں اپنا صحیح مقام حاصل کرنا چاہتا ہے پہلے اس کو سوچنا چاہیئے ۔ ایک ایسا پلان بنالینے سے جس کا محض نام شاندار ہو لیکن اس کے راستے اتنے محدود ہوں کہ جس سے عام انسان کی زندگی پر کوئی خاص اچھا اثر نہیں پڑتا اور نہ اس سے اسے فائدہ ہوسکتا ہے ۔

اور پھر ان اعتراضات کے جواب میں یہ کہنا کہ پہلے پانچ سال تو بہت دقتوں کے ہوں گے اس لئے کہ ان میں انوسٹمنٹ ہو گا ۔ روپیہ لگے گا اور روپیہ لگانے کے لئے لوگوں سے محصول اور قرضہ لینا پڑیگا اس کے بعد دوسرا پانچ سالہ پلان بنے گا اس میں تھوڑی سی سہولتیں حاصل ہوں گی اور پھر تیسرا پانچ سالہ پلان بنے گا تو کہیں پندرہ سال کے بعد ایک خوشحال سماج کی ابتداء کرسکینگے ۔ ایک ولفیر اسٹیٹ کو جنم دے سکینگے جیسا کہ آنریبل چیف منسٹر صاحب نے اپنی ایک تقریر میں اورنگ زیب کا حوالہ دیتے ہوئے فرمایا کہ انہوں نے اپنے بیٹے کو ایک خط میں یہ نصیحت کی کہ ۔

آهسته خرام بلکه مخرام

زیر قدمت هزار جان است

تو یہ آہستہ خرامی ہو یا مخرامی ہو اس سے اب کام نہیں چلے گا ۔ لوگوں کے مصائب اور مشکلیں ان کی قوت برداشت سے باہر ہوگئی ہیں ۔ لوگ فوری اپنے مسائل کا کچھ نہ کچھ حل چاہتے ہیں اور فوری حل نکالا بھی جاسکتا ہے ۔ انہیں مسائل کو حل کرنے کے لئے ہم نے اپنے خیالات رکھے ہیں کہ کانگریس کا حکمران طبقہ اور ان کے نیتاؤں کو معلوم ہو کہ ہم کیا چاہتے ہیں ۔ کس طور پر ان مسائل کو آپ حل کرسکتے ہیں ۔ کس طرح چین میں یہ مسائل حل کئے گئے ہیں میں روس کی مثال نہیں دونگا ۔ چین ہمارا ایک پڑوسی اور زوعی ملک ہے وہاں کے حالات ہندوستان کے حالات سے ملتے جلتے ہیں وہاں پچھلے تین سالوں کے اندر ان مسائل کو اس طرح حل کرلیا گیا کہ وہاں کی پیداوار اتنی زیادہ بڑھ گئی ہے کہ آج وہ دوسرے ملکوں کو اکسپورٹ کر رہا ہے ۔ وہاں بیروزگاری نہیں ہے ۔ وہاں کا بجٹ نہ صرف متوازن ہے بلکہ اوس کا ۶۰ فیصد سے زیادہ پبلک سکٹر اور قومی تعمیر کے کاموں پر صرف ہورہا ہے ۔ وہاں کے کسانوں پر محصول کم کردیئے گئے ہیں اور یہ ایسی

حقیقتیں ہیں کہ جن سے انکار نہیں کیا جاسکتا - جنہیں جھٹلایا نہیں جاسکتا - چین سے ہمارے دوستانہ تعلقات ہیں - ہندوستان اور چین کے کلچرل تعلقات دن بدن زیادہ مضبوط ہوتے جارہے ہیں - یہاں سے وہاں اور وہاں سے یہاں لوگ پچھلے دوتین برسوں میں آتے جاتے رہے ہیں - وہاں کے حالات کا سب پارٹیوں نے مطالعہ کیا ہے - اور وہ سب ایک زبان اور ایک آواز ہوکر کہتے ہیں کہ چین میں بلاشبہ ایسا نظام قائم ہوچکا ہے جسے ایک مستحکم سماج کا آئینہ دار کہا جاسکتا ہے یعنے صحیح معنوں میں اوس کو عوامی سماج کہا جاسکتا ہے - جس میں اکسپلائٹیشن کا سوال باقی نہیں رہا - لوٹنے والا طبقہ ختم ہو رہا ہے - لٹنے والا طبقہ آگے بڑھ رہا ہے ہرشخص تعلیم حاصل کر رہا ہے - ابتدائی تعلیم سے لیکر یونیورسٹی کی تعلیم تک کا سب کو موقع دیا جارہا ہے - اور پوری تعلیم مفت ہے وہاں کا بجٹ اس قدر مستحکم ہو رہا ہے کہ آج وہاں یہ خطرہ باقی نہیں رہا کہ ان کا بجٹ دیوالیہ ہوسکتا ہے یا ان کی حکومت دیوالیہ ہو جائیگی - لیکن یہاں ایسا خطرہ ہمارے سامنے آرہا ہے - وہاں زمین اور صنعتوں کا مسالہ خیر و خوبی کے ساتھ حل کردیا گیا ہے- یہ متفقہ طور پر سب کہینگے - اس میں کسی پارٹی یا گروپ کا سوال نہیں ہے میرے پاس وقت نہیں ورنہ میں اون کانگریس کے لوگوں کے کوٹیشنس پڑھتا جو وہاں جا کر آئے ہیں لیکن کیا وجہ ہے کہ آج ہمارا دیش ویسی ترقی نہیں کر رہا ہے - ہمارے حالات چین کے حالات سے ملتے جلتے ہیں بلکہ وہاں کے پہلے کے حالات سے بہتر ہیں کیونکہ چین تو مسلسل جدوجہد اور لڑائیوں کے دور سے گزرتا رہا ہے - اوس کو مسلسل سامراج کے خلاف لڑنا پڑا ہے وہاں مسلسل ہنگامے چلتے رہے ہیں - جب اس دور سے نکل کر بھی چین ترقی کرسکتا ہے تو کیا ہمارے عوام محنت نہیں کرسکتے کیا ہمارے عوام کو اپنے ملک سے محبت نہیں ہے - کیا ہمارے کسان - ہمارے مزدور ہمارا محنت کش طبقہ اور درمیانی طبقہ اپنی اور اپنے ملک کی خوشحالی نہیں چاہتا یقیناً چاہتا ہے - لیکن فرق اتنا ہی ہے کہ جو بر سراقتدار طبقہ ہے وہ ایک دوسرے نقطہ نظر سے سوچ رہا ہے - یہاں حکومت ایک مکسڈ اکانمی لانا چاہتی ہے - ایک صف میں برلا کو کھڑا کیا جاتا ہے اور بظاہر اسی کے ساتھ کسان کو بھی کھڑا کیا جاتا ہے گویا " ایک ہی صف میں کھڑے ہوگئے محمود و ایاز "، کرنا چاہتے ہیں لیکن جب صف سے نکلتے ہیں تو محمود محمود رہتا ہے اور ایاز ایاز — آج ہماری حکومت کی جانب سے بڑے بڑے جاگیرداروں - راج پرمکھوں اور رجواڑوں اور سرمایہ داروں کی سرپرستی ہورہی ہے - اور بڑے زور و شور سے ہورہی ہے - ایک طرف تو اون کے حقوق کا تحفظ کیا جاتا ہے اور دوسری طرف کہا جاتا ہے کہ کسانوں کے فائدہ کے لئے ہم قانون بنارہے ہیں - قومی صنعتی ترقی کے لئے روپیہ صرف کررہے ہیں بیروزگاری کا مسئلہ دور کرنے کے لئے پانچ سالہ منصوبہ ہے اور دوسرے مختلف کام کررہے ہیں - لیکن جو نتائج ہمارے سامنے آرہے ہیں وہ مایوس کن ہیں - کیونکہ بیروزگاری دن بدن

بڑھ رہی ہے - گرانی بڑھ رہی ہے - کہیں سے چند اعداد و شمار لیکر یہ بتانا کہ حیدرآباد میں پچھلے چند مہینوں میں پیداوار اچھی ہوگئی ہے اور اسکی وجہ سے قیمتیں گررہی ہیں یہ دھوکہ اور خود فریبی ہے - جس میں ہمارے عوام اور جنتا آنے والی نہیں - پیدا وار اگر کچھ اچھی ہوگئی ہے تو وہ بارش کی وجہ سے - بارش اگر اچھی طرح نہیں ہوتی ہے تو پیدا وار خراب ہوتی ہے - لیکن دیکھنا یہ ہیکہ ہمارے زمین کو سونا اگلنے والی زمین بنانے کے لئے ہم نے کیا کیا - اس کا جواب نفی میں ہے - ہماری آمدنی کے وسائل کو کیا اس طرح استعمال کیا گیا کہ ہمارے دیش کا مالیہ مضبوط ہوسکے - اس کا جواب بھی نفی میں ملتا ہے - مجھے پانچ سالہ منصوبہ میں اس کا جواب نہیں ملتا - میں نے اس کو پڑھا ہے - اوسکا دیباچہ بھی پڑھا ہے - اس پر پچھلے تین سال سے عمل ہورہا ہے پانچ سال میں سے تین سال گزر چکے ہیں - حیدرآباد میں پندرہ سولہ کروڑ روپیہ خرچ ہوچکا ہے - لیکن وہ کس طرح خرچ ہوا ہے کیا اس کا رٹرن ہم کو ملیگا - اگر پندرہ بیس سال کے بعد ہم کو اس کا رٹرن ملنے والا ہے تو میں خاص طور پر کانگریس پارٹی سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس عرصہ میں یہ دنیا بدل جائیگی - انقلابی راستہ جس کی طرف عوام بڑھ رہے ہیں وہ اون مفادات کو اپنے راستہ سے ہٹادیگا - اون لوگوں کو ہٹادیگا جولیت و لعل میں پڑے ہوئے ہیں جو پس و پیش کی باتیں کررہے ہیں - جو کہتے ہیں کہ ہتیلی پر ہم سرسوں نہیں جماسکتے - آہستہ آہستہ چلنا چاہتے ہیں - میں کہونگا کہ آپ اس رفتار سے اوس مقصد تک نہیں پہنچ سکتے جو عوام کے سامنے ہے - انقلاب کے نام سے ڈرنے والوں کو میں یہ جتادینا چاہتا ہوں اون کو وارننگ دینا چاہتا ہوں کہ وہ دنیا کے حالات پر نظر ڈالیں اپنے اردگرد کے حالات پر نظر ڈالیں اپنے دیش کے حالات پر نظر ڈالیں - جنوبی ہند میں کیا ہورہا ہے ٹراونکور کوچین - آندھرا اور حیدر آباد میں کیا ہورہا ہے - دو سال قبل اگرچیکہ کانگریس ووٹ لیکر یہاں آئی تو ہے لیکن اپنے پروگرام - اپنی پالیسی اور اپنے کارناموں کو لیکر آج اگر وہ لوگوں کے سامنے جائے اور پوچھے کہ آپ کانگریس کے متعلق کیا رائے رکھتے ہیں - کیا تاثرات ہیں آپ کے کتنے آدمی کانگریس سے خوش ہیں تو اس کا جواب مایوس کن ملیگا - اسلئے میں کانگریس پارٹی - کانگریس کے حکمرانوں اور خاص طور پر حکومت کے منسٹروں سے جو ان امور کو سر انجام دینے والے ہیں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اب بھی آپکو موقع ہے کہ اگر وہ اپنی حب الوطنی کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو اس طریقہ سے کرسکتے ہیں کہ عوام کے مطالبات کو پورا کرنے کے لئے آگے بڑھیں اور اون جماعتوں سے ہاتھ ملائیں جو اب تک بھی اپنے راستہ پر چل رہی ہیں جنہوں نے اب تک موقع پرستی کا راستہ اختیار نہیں کیا بلکہ ایمانداری کے ساتھ عوام کی خدمت کر رہے ہیں کانگریس اون سے تعاون کر کے اوس منزل پر پہنچ سکتی ہے اور سماج میں خوش حالی پیدا کرسکتی ہے اب بھی موقع ہے - لیکن اس دو عملی اور یہ دو رخی کو جاری نہیں

رهنا چاهئے ۔ کہا جاتا هے که هم زندگی کے هرشعبه میں ترقی کررهے هیں ۔ هم عوام کی خدمت کر رهے هیں لیکن عملی طور پر جو کچھ سامنے آرها هے اوس سے معلوم هوتا هے که کسی شعبه میں بهی ترقی نہیں هو رهی هے ۔ صنعتیں دن بدن بند هوتی جارهی هیں ۔ زرعی حالت خراب هوتی جارهی هے۔ بیروزگاری بڑه رهی هے بهوک اور افلاس بڑه رها هے ۔ پرکیپیٹا آمدنی کم هوتی جارهی هے۔ دیشمکھ صاحب نے جو حساب پیش کیا هے وه ایک بڑا دهوکه هے اگر صرف یه دیکها جائے که کسانوں ۔ مزدوروں اور غریب طبقه کی پرکیپیٹا آمدنی دس سال پہلے کیا تهی اور آج اون کی آمدنی کا اوسط کیا هے تو معلوم هوگا که ان کی پرکیپیٹا آمدنی کم هوتی جارهی هے .. آپ ادهر اودهر کے اعداد و شمار اور برلاؤن اور ٹاٹاؤں کی آمدنی کو اس میں شمار کر کے کہتے هیں که آمدنی بڑه رهی هے ۔ سو کروڑ روپیه سالانه برطانوی سامراج هر سال سود اور منافع کی شکل میں ملک سے باهر لیجارها هے خود ریزو ربنک آف انڈیا کی رپورٹ کے اعداد و شمار دیکهیں تو اس کا پته چلے گا که آج بهی کتنا روپیه سالانه منافع او، سود کی شکل میں باهر جاتا هے اس کے علاوه ایک دوسرا خطرناک دشمن همارے کارخانوں میں مدرسوں میں دفتروں اور بازاروں میں کهیتوں میں ۔گهس رها هے ۔ اور وه هے امریکی سامراج ۔ جو اپنے گنده لٹریچر اور پرانے نا پاک منصوبوں کے ذریعه پاکستان کو هڑپ کرنے کے بعد هندوستان کی جانب بڑه رها هے ۔ اور اوس پر دباؤ ڈال رها هے که هندوستان بهی اس کے حلقے میں آجائے اس خطرے کا مقابله کرنے کیلئے عوام کی طاقت اور عوام کا اعتماد حاصل کرنا ضروری هے۔ لیکن اس کے لئے سب سے ضروری هے که عوام کو ریلیف دیا جائے۔ اون کی خوشحالی کے لئے پلان بنانا هوگا ۔ آپ جس طرح کے پلان بنا رهے هیں ویسے پچاس پلان بنانے سے بهی کام نہیں چلے گا ۔بڑے بڑے پلان بنانے کے لئے کافی دولت صرف هوگی لیکن فوری طور پر کسانوں ۔ مزدوروں درمیانی طبقه کے لوگوں ۔کلرکوں اور دوسرے محنت کش لوگوں کو جو اور پیشوں میں مصروف هیں ریلیف دینا چاهیئے ۔ اور هم یه ریلیف دے سکتے هیں بشرطیکه هندوستان کی دولت اور اس کے قومی وسائل و ذرائع صحیح طور پر استعمال کئے جائیں۔ اس صورت میں هی هم عوام کا اعتماد حاصل کرسکتے هیں۔ وه اعتماد وه طاقت ایسی هوسکتی هے ۔که اگر خدانخواسته ملک پر حمله کا خطره هو (جیسا که دنیا کے حالات بتا رهے هیں بهیانک مستقبل همارے سامنے آرها هے) تو اس کی روک تهام کے لئے وه کام آسکتا هے ۔ اس کے لئے کاغذی منصوبوں کو ایک طرف رکھ کر عملی منصوبوں کو سامنے لایا جانا ضروری هے ۔ جس کا هندوستان کی جمله لفٹسٹ جماعتیں مطالبه کر رهی هیں اور جو دیش کے ایک بڑے سکشن کی نمائندگی کرنے والی هیں ۔ میں مانتا هوں که کانگریس کی جانب سے بهی یه دعوی کیا جاسکتا هے که هم بهی عوام کے نمائندے هیں ۔ لیکن یہی حال رها اور یہی پالیسیاں رهیں تو آئینده دو تین سالوں میں یہی عوام کے چنے هوئے لوگ عوام کے نمائندے عوام کا اعتماد قطعي حاصل نہیں کرسکیں گے ۔ یه دیکهنا هوگا که اگلے الکشن کے

وقت آن کا یہ دعوی کہاں تک صحیح ثابت ہوسکتا ہے ۔ اس وقت الکشن کے لئے کیا آپ کو دوسرے ذرائع تو استعمال کرنا نہیں پڑینگے ۔ آج ہندوستان کے انقلابی قوتیں نئے سماج کے علمبردار کے روپ میں سامنے آرہے ہیں ۔ ایک نیا انقلابی انسان پیدا ہوچکا ہے ۔ اب ہمیں مسائل پر ٹھنڈے دل سے غور کرنا چاہیئے اس کے بعد ہی ہم اور آپ مل جل کر ایسی فضاء پیدا کرسکتے ہیں ۔ ایسا اتحاد اور ایسی یکجہتی پیدا کرسکتے ہیں کہ اگر باہر کی قوتیں ہماری آزادی کو غصب کرنا چاہیں تو اس کا مقابلہ کیا جاسکے ۔ لفٹسٹ پارٹیوں کی جانب سے اور خاص طور پر ہماری پارٹی کی جانب سے برابر یہ اعلان کیا جاتا رہا ہے کہ اگر ایسی صورت حال پیش آئے تو سب پارٹیوں کا مکمل اتحاد کانگریس پارٹی حاصل کرسکتی ہے ۔ لیکن یہ حالات پیدا نہ ہوئے تو کیا ہوگا میں ان اندیشوں کا اظہار اس وقت نہیں کروں گا ۔ کیونکہ اس وقت بجٹ پر ڈسکشن ہورہا ہے ۔

بجٹ کے موضوع پر آتے ہوئے میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے سامنے جو فوری مسائل ہیں یہ بجٹ ان کی طرف توجہ نہیں دیتا ۔ اس لئے یہ بجٹ ایک ناکام بجٹ ہے ۔ میں اگر یہ کہوں تو بیجا نہ سمجھا جائے کہ یہ بجٹ ایک بیمار آدمی کی طرح ہے جو قریب مرگ ہے ۔ اس کے چہرے پر زردی چھائی ہوئی ہے ۔ اس کی صحت کی اگر چپکہ توقع نظر نہیں آرہی ہے ۔ لیکن مشترکہ کوشش سے اگر اس کا علاج کیا جائے تو اس کو صحت یابی ہوسکتی ہے ۔ اس کی صحت یابی کے لئے جو ٹانکس دینا چاہیئے ان کا اس میں ذکر نہیں ہے ۔ اگر ذکر بھی آتا ہے تو سرسری طور پر نظر آتا ہے ۔ میں آنریبل فینانس منسٹر ۔ دوسرے ارباب مقتدر اور کانگریس پارٹی سے آخر میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ان سوالات کو حل کرنے کے لئے بجٹ کا ڈھانچہ اس طرح سے بنانے کی کوشش کی جانی چاہیئے جس طرح کے عوام کے تقاضے اور ان کے مطالبات ہیں ۔ بجٹ اسپیچ میں آنریبل فینانس منسٹر صاحب نے جن اندیشوں کا اظہار کیا یا جن توقعات کا اظہار کیا اون کو ایک طرف رکھتے ہوئے حقیقی حالات آبجکٹیو تجاویز کی جانب اشارہ کروں گا اور چند چھوٹی چھوٹی باتوں کی جانب توجہ دلاتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ بجٹ اسپیچ میں بیروزگاری کا ذکر کیا گیا ہے ۔ بیروزگاری بھیانک طریقہ پر بڑھ رہی ہے ۔ امپلائمنٹ اکسچینج کے اعداد و شمار دیکھنے کی ضرورت نہیں کیونکہ وہاں کتنے لوگ جاکر کارڈ حاصل کرتے ہیں کہنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ سرسری اندازے کے مطابق یہ کہا جاسکتا ہے کہ حیدرآباد ریاست میں تقریباً ڈھائی لاکھ آدمی ایسے ہیں جو بالکل بیروزگار ہیں یا ان کی ایک بڑی تعداد بیروزگار ہے ۔ اور اس میں مسلسل اضافہ ہوتا جارہا ہے ۔ پچھلے چند مہینوں میں دس ہزار آدمی بیروزگار ہوگئے ہیں ۔ پرانی مل اور رسد میں تخفیف کی وجہ سے جو لوگ بیکار یا بیروزگار ہوگئے ہیں اگر ان کے خاندان والوں کو بھی ملالیا جائے تو یہ تعداد بڑھ جاتی ہے ۔ ایک طرف تو بیروزگاری بڑھتی جارہی ہے اور دوسری طرف دوسرے پہلو بھی ہیں یعنی ہمارا تعلیمی پہلو ۔ ہمارا ثقافتی پہلو اور معاشی پہلو ۔ ان سے بھی غفلت اور بے پروائی برتی جارہی ہے ۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے عوام ذہنی اور

معاشی بحران میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ اگر کسی سلسلہ میں درخواستیں دیجاتی ہیں نمائندگیاں کی جاتی ہیں تو کوئی توجہ نہیں دی جاتی ہے ۔ اس کے لئے عوام کو جا کر منسٹروں کے مکانوں کی دیواروں سے سرٹکرانا پڑتا ہے ۔ اور چھوٹی چھوٹی باتیں منوانے کے لئے ان کی خوشامدیں کرنی پڑتی ہیں پھر بھی کوئی نتیجہ نہیں نکلتا میں اس سلسلہ میں ایک مثال دوں گا ۔ مجھے معلوم نہیں کہ متعلقہ منسٹر موجود ہیں یا نہیں ۔ حیدرآباد کے اندر سی ۔ آئی ۔ بی کے مکانات کا مسئلہ پچھلے سات آٹھ مہینوں سے حکومت کے سامنے آرہا ہے ۔ ان کے کرایوں میں اضافہ کیا گیا ہے اس کے لئے ریپریزنٹیشن ہوا تو منسٹر صاحب نے کہا کہ ہمدردانہ غور کیا جائیگا ۔ لیکن آج تک کوئی ہمدردانہ غور نہیں ہوا ۔ ہر ہمدردانہ غور بھول بھلیاں میں پڑ کر ختم ہوجاتا ہے ۔ سی آئی ۔ بی کے مکانوں میں رہنے والے پانچ ہزار لوگوں کا یہ مسئلہ ہے ۔ میں مثال کے طور پر یہ چیز پیش کررہا ہوں ورنہ ایسے ہزاروں مسائل ہیں جن کو اب تک حل نہیں کیا جاسکتا ۔ حال ہی میں ان مکانات کے رہنے والے لوگوں سے کہدیا گیا ہے کہ آٹھ دن کے اندر مکانات خالی کردئے جائیں ۔ متعلقہ منسٹر یہ بتائیں کہ کیا اس کے معنی یہ نہیں کہ ان مکانات میں رہنے والے ان کو چھوڑ کر چلے جائیں ۔

جس طرح زمین سے کسانوں کو بیدخل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اوسی طرح مکانوں سے ان غریبوں کا تخلیہ کرانے کی سعی کی جا رہی ہے اور اس طرح انکو سر چھپانے کا جو آسرا ہے اوسکو ختم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ اوقت سے تین مہینے کے پیشگی کرائے کا مطالبہ اوس بڑھائی ہوئی شرح کرایہ کے لحاظ سے کیا جا رہا ہے جو دو سو فیصد تک بڑھائی گئی ہے اور انکو یہ دھمکی دیجا رہی ہے کہ اگر اسکی تکمیل نہ کی جائے تو ان مکانوں میں نہیں رہ سکتے مکانات چھوڑنا پڑیگا ۔ ایک چھوٹا سا متعلقہ جو چند ہزار لوگوں سے متعلق ہے اطمینان بخش طریقہ پر حل نہیں کیا جا رہا ہے اور وہ غریب سخت پریشان ہیں ۔ جب کوئی ریپریزنٹیشن کیا جاتا ہے جب کوئی نمائندگی کی جاتی ہے یا ارباب اقتدار سے رجوع ہوتے ہیں تو اون سے ہمدردانہ غور کا وعدہ تو کیا جاتا ہے اسی طرح کا وعدہ تین چار مہینے پہلے بھی کیا گیا تھا لیکن ابتک ایفا نہیں کیا گیا جسکی وجہ سے ہم یہ سمجھنے پر اپنے آپ کو مجبور پاتے ہیں کہ اسطرح کے ہمدردانہ غور کے وعدے محض ٹال مٹول کی خاطر کئے جاتے ہیں ۔ اگر حکومت کی اس ٹال مٹول کی پالیسی کے بارے میں مختلف گوشوں سے کچھ آوازیں بلند ہوتی ہیں یا یہ باتیں حکومت کے علم میں لائی جاتی ہیں اور اس طرف توجہ کرنے کے لئے کہا جاتا ہے تب بھی حکومت ان امور پر غور کرنے کے لئے تیار نہیں معلوم ہوتی ۔ اسکے ساتھ ساتھ بہت سے شہری مسائل ہیں دیہاتی مسائل ہیں کسانوں کے مسائل ہیں اور صنعتی مسائل ہیں جن سے لاپروائی برتی جا رہی ہے ۔ ان سارے مسائل کا ایسا بوجھ ہے جسکو ہٹانے کے لئے محنت کش عوام اور درمیانی طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد ہر حکومت کے دور میں دو ڈھائی سال سے مسلسل کوشش کررہے ہیں لیکن ابتک وہ منزل تک نہیں پہنچ سکے ۔ منزل تک پہنچنا تو ایک طرف

وہا انسان منزل بھی نہ پاسکے - جب کوئی راستہ اس طرف سے بتایا جاتا ہے تو یہی جواب ملتا ہے کہ روپیہ نہیں ہے - اس بارے میں ایک فارسی مقولہ میں عرض کرونگا (چیف منسٹر صاحب تشریف نہیں رکھتے ہیں وہ فارسی سے شغف رکھتے ہیں اور فلسفی بھی ہیں) مشہور ہے کہ " تا تریاق از عراق آوردہ شود - مار گزیدہ مردہ شود،، یعنے سانپ کے کاٹے کا علاج کے لئے عراق سے جبتک تریاق لایا جائیگا سانپ کا کاٹا ہوا شخص مر بھی جائیگا - یہاں کا محنت کش طبقہ کسان مزدور اور درمیانی طبقہ کا یہی حال ہے آج وہ مرنے کے قریب ہے پچھلے سال جب ملک میں مہنگائی زیادہ بڑھی اور کچھ علاقوں میں قلت کے آثار رونما ہوئے تو کئی لوگ فاقہ کشی سے مر گئے اور آج جو زندہ ہیں وہ بھی کسی طرح زندہ نہیں کہے جاسکتے بلکہ زندہ درگور بن گئے ہیں یہ حالات ہیں یہ مسائل ہیں ایسے چھوٹے چھوٹے مسائل ہیں کہ انکا حل کرنا ضرور ہے - جب ان امور کے متعلق کہا جاتا ہے تو حکومت کے ارباب اقتدار اس سے چشم پوشی کرتے ہیں - آج حالات ایسے ہیں کہ انسان اپنے چھوٹے موٹے معمولی گھریلو بجٹ کو متوازن کرنا چاہے تو نہیں کرسکتا - خود حکومت جو وسیع ذرائع آمدنی رکھتی ہے اپنے ملک کے بجٹ کو بیالنس نہ کرسکی تو اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ لاکھوں کروڑوں انسانوں کے گھریلو بجٹ کا کیا حال ہوگا وہ کسطرح چل رہے ہوں گے - کسان اور مزدور طبقے کو لیجئے - درمیانی طبقہ کو لیجئے - کلرکس وغیرہ اور عام نیوپاریوں کو لیجئے - انکی آمدنیوں کے تناسب کا حکومت کے ذرائع آمدنی سے کیا تناسب ہے اسکا اندازہ کیجئے اور پھر غور کیجئے کہ ان کی آمدنیوں کا تناسب کتنا کم ہے - جو تنخواہ افسروں کو ملتی ہے اور جو منافعے سرمایہ داروں کو حاصل ہو رہے ہیں اوس لحاظ سے چھوٹے طبقات کی آمدنی کا تناسب کیا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ ٹیکس بھی غور کیجئے کہ گرانی کا تناسب کیا ہے - زمانہ گذشتہ سے حال کا تطابق کیجئے تو آپکو اندازہ ہوگا کہ گرانی کس درجہ زیادہ ہوگئی ہے - پھر اندازہ کیجئے کہ انکی زندگیاں کسطرح گزرتی ہونگی - کسی بھی گھر میں جائیے اور دیکھئے کہ انکی زندگی کس انداز سے گزر رہی ہے - انکے کنبہ کے لوگ مختلف کام کرتے ہیں اسکے باوجود کس تنگ حالی عسرت و مصیبت سے انکی گزر بسر ہوتی ہے - حیدرآباد کے بجٹ کا یہ ہے وہ معاشی اور صنعتی پہلو جس پر میں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے - اپنی جانب سے اور اپنی پارٹی کی جانب سے یقیناً بڑی خوشی کے ساتھ نہایت فراخدلی کے ساتھ مشورے دینے اور دست تعاون بڑھانے کے لئے ہم تیار ہیں لیکن اس ہاتھ سے کانگریس کے ہاتھ ملنے میں اور ملکر آگے بڑھنے میں جو دقتیں ہیں وہ بنیادی دقتیں ہیں - نظریات کا بنیادی فرق ہے - اس فرق کا موجودہ جو انداز ہے اس سے نہیں مٹایا جاسکتا جب تک کانگریس کم از کم کچھ لین دین کی پالیسی پر کاربند نہوں یہ مسائل حل نہیں ہوسکتے - جن حالات سے ہم گزر رہے ہیں وہ اسلئے باقی ہیں کہ ابھی تک سرمایہ دارانہ و جاگیر دارانہ بقایات باقی ہیں - مفادات حاصلہ کو باقی رکھنے کا تصور کار فرما ہے - مقصود یہ ہے کہ انکو فائدہ پہنچے - ان باتوں کے خلاف آواز اٹھائی جاتی ہے تو ایک آنریبل ممبر فرماتے ہیں کہ آپکے پیٹ میں

کبوں درد ہو رہا ہے ۔ لیکن میں کہونگا کہ یہ وہ حالات ہیں جنہیں دیکھکر پیٹ میں نہیں بلکہ دل میں درد ہوتا ہے ۔ جو حقیقت شناس لوگ ہیں جو ایماندار لوگ ہیں ان کا ان حالات کو دیکھکر تڑپ اٹھنا ایک فطری امر ہے ۔ انکے دل میں دردکا ہونا لازمی ہے ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک طرف تو وہ ساہوکار اور زمیندار ہیں جو عیش و آرام کی زندگی بغیر کسی محنت کے تن آسانی کے ساتھ گزار رہے ہیں اور دوسری طرف لاکھوں کروڑوں محنت کش عوام ہیں درمیانی طبقے کے لوگ ہیں جو باوجود شبانہ روز کی محنت کے پیٹ بھر روزی نہیں پاسکتے اور دوسرے مفاد پرست طبقات برابر لوٹ کھسوٹ کی پالیسی پر کار بند ہیں ۔ یہ وہ حالات ہیں جنہیں دیکھکر دل میں درد ہونا لازمی ہے ۔ میری حکومت سے اور کانگریس پارٹی میں جو ایماندار اور سچائی پسند لوگ ہیں ان سے دردمندانہ اپیل ہے کہ ہماری صنعتی ترقی زرعی خوش حالی اور آمدنی کی فراوانی کے جو مسائل ہیں ان پر سنجیدگی کے ساتھ غور کیا جائے اور یہ سوچا جائے کہ ان مقاصد کو کسطرح سے حاصل کیا جاسکتا ہے ۔ اور کون کونسی اسکیم بنائی جاسکتی ہیں جنکو روبعمل لاکر ہم منزل مقصود تک پہنچ سکیں اور پبلک سکٹر کو آگے بڑھانے کے لئے ہم کچھ کام کرسکیں ۔ اگر ایسے حالات پیدا ہوجائیں اور ہمارے مالیہ کا بیشتر حصہ عوام کی بہبودی و ترقی پر صرف کیا جائے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ بجٹ خسارے کا ہوتو کوئی حرج نہیں ہے ۔ اگر محنت کش عوام پر بار ڈالے بغیر ٹیکسس عائد کئے جاتے ہوں تو کئے جائیں ۔ اور پانچ کروڑ خسارے کا بجٹ بھی بنتا ہوتو بننے دیجئے یقیناً ہم اسکا خیر مقدم کرینگے ۔ لیکن ہم اپنی منزل مقصود تک پوری طرح نہ بھی پہنچ سکیں تو کم‌ازکم ہمیں یہ سمجھنے کی تو گنجائش ہوگی کہ ہم منزل کے قریب قریب پہنچ گئے ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری سری‌ہری ۔ مسٹر اسپیکرسر ۔ اس بجٹ کے بارے میں جو مباحث کل سے ہو رہے ہیں ان میں اپوزیشن کی جانب سے اس بجٹ کو کئی نام دئے گئے ہیں ۔ بعض لوگوں نے کہا کہ جاگیر داری بجٹ ہے ۔ بعضوں نے کہا کہ یہ نظام شاہی بجٹ ہے اور بعضوں نے کہا کہ یہ سامراجی بجٹ ہے اور کسی نے کہا کہ یہ دیوالیہ بجٹ ہے ۔ اسطرح بجٹ کو کئی نام دئے گئے ہیں لیکن میں صرف اتنا کہونگا کہ یہ سنہ ۱۹۵۴-۵۵ع حیدرآباد اسٹیٹ کا بجٹ ہے ۔ یہ بجٹ دیوالیہ بجٹ نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسکے سمجھنے میں کچھ تسامح ہوا ہے ۔ بتایا گیا ہے کہ ۶۳ کروڑ کا قرضہ ہے ۔ سوا دو کروڑ سلک رہ جائیگی ۔ شاید ان ہندسوں کو دیکھکر مایوس ہوگئے ہیں لیکن یہ مایوسی کچھ ٹھیک نہیں ۔ مایوسی کی کوئی وجہ نہیں ہے ۔ اگر کسی کو یہ معلوم ہوتا کہ حکومت کو وصول شدنی رقومات کتنی ہیں تو اسکا اندازہ ہوتا کہ حکومت کی مالیت کتنی ہے ایسی صورت میں دیوالیہ بجٹ کہنے کی ضرورت پیش نہ آتی ۔ اسکے ساتھ ساتھ سامراجی بجٹ بھی کہا گیا ہے ۔ سامراجی بجٹ کے سلسلہ میں یہ دلیل پیش کی گئی

ھے کہ کانگریس نے سنہ ۱۹۴۷ع میں انگریزوں کے ھاتھ سے حکومت حاصل کی لیکن جس زمانے میں جس طرز پر انگریزوں کی حکومت میں کام چلا کرتا تھا اوسی نمونے پر آج بھی کام چل رہا ھے .. وراثت میں وہ ساری چیزیں ملی ھیں .. سامراجی بجٹ کہنے کے یہ وجوھات بتائے گئے ھیں - میں بتاؤنگا کہ واقعی طور پر حکومت کانگریس کے ھاتھ میں آنے کے بعد کونسی کونسی تبدیلیاں کی گئیں - خاص کر حیدرآباد اسٹیٹ کے متعلق اگر ھم غور کریں تو معلوم ھوگا کہ یہ ایک مطلق العنان حکومت تھی وہ ختم ھوچکی ھے - اسکے بعد سب سے بڑا جو کام کیا گیا وہ یہ ھے کہ حیدرآباد اسٹیٹ کے چالیس فیصد رقبے پر جاگیر داروں کا قبضہ تھا وہ برخاست کردیا گیا - یعنی جاگیری عوام پر جو زیادتیاں ھوتی تھیں وہ ختم ھوگئیں اور جاگیری ایریاز پر جو ڈبل - ٹربل (Double-Trible) دھارے عائد کئے جاتے تھے وہ بند ھوگئے ھیں اس طرح جاگیر داری کو ختم کرتے ھی لینڈ ٹیننسی (Land tenancy) کا قانون پاس کیا گیا اسکی وجہ سے زمینداری بھی ختم ھوگئی - اس بجٹ کو پولیس بجٹ کا نام بھی دیا گیا ھے - اس بجٹ میں پولیس کے نام سے اخراجات شامل ھونے کی وجہ سے شاید اسکو پولس بجٹ کا نام دیا گیا ھے - لیکن اس پر شاید غور نہیں کیا گیا کہ پہلے پولس کے نام سے جو اخراجات بجٹ میں شامل تھے اوسکی بہ نسبت اس سال کمی ھوگئی ھے - سنہ ۵۲-۱۹۵۳ع میں ایکچوول ۳ کروڑ ۹۷ لاکھ ۹۰ ھزار یعنی تقریباً چار کروڑ روپیہ پولیس کی مد کے لئے رکھا گیا تھا اور اب سنہ ۱۹۵۴-۵۵ع کے لئے تین کروڑ ۲۴ لاکھ ۵۴ ھزار روپیہ رکھا گیا ھے - اس طرح گویا تقریباً ۷۰ لاکھ کی کمی ھوگئی ھے - اور یہ تو رقم بھی جو رکھی گئی ھے وہ پچھلی ھسٹری (History) کے لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو ناواجبی نہیں ھے - حیدرآباد اسٹیٹ کے لئے پولیس کی ضرورت ھے - پچھلے واقعات اپنے سامنے رکھیں تو معلوم ھوگا کہ واقعی طور پر حیدرآباد میں پولیس کی ضرورت ھے - حیدرآباد کی آبادی کے لحاظ سے اگر ھم پولیس کے اخراجات کو تقسیم کریں تو فی کس ڈیڑھ روپیہ خرچہ آتا ھے - پولیس کا کام ساری آبادی کی جان مال عزت اور جائداد کی حفاظت کرنا ھے - ان تمام چیزوں کی ذمہ داری پولیس پر ھے اور اسی سے عوام کو طمانیت ھوتی ھے - اسلئے میں کہونگا کہ پولیس پر جو فی کس ڈیڑھ روپیہ خرچہ کیا جا رھا ھے وہ زیادہ نہیں ھے - مثال کے طور پر ھم دیکھیں تو معلوم ھوگا کہ اگر ھم جائداد کی حفاظت کے لئے اور مکان کی حفاظت کے لئے کسی کو ملازم رکھیں تو اوس ملازم کی تنخواہ کا مالک مکان پر جو خرچہ عائد ھوتا ھے وہ اسکو برداشت کرنا ھی پڑتا ھے ورنہ جائداد کی حفاظت نہیں ھوسکتی اس لحاظ سے دیکھیں تو معلوم ھوگا کہ اتنے بڑے اسٹیٹ اور اتنے بڑے پاپولیشن کی حفاظت و نگرانی کے لئے پولیس کا ھونا ضروری ھے اور یقیناً ضروری ھے - جو رقم رکھی گئی ھے وہ زیادہ نہیں ھے - صفحہ (۸۳) اگر ھم دیکھیں تو معلوم ھوگا کہ سال گذشتہ اور سال پیوستہ کے مقابلہ میں تعمیری کاموں پر زیادہ رقمیں رکھی گئی ھیں مثلاً ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ پر زیادہ خرچہ ھو رھا ھے - میڈیکل ڈپارٹمنٹ کے لئے زیادہ رقم رکھی گئی ھے - پبلک ھلتھ

اگریکلچر ویٹرنری ۔ سیول ورکس۔ وغیرہ ان مدات پر زیادہ رقومات خرچ کئے جارہے ہیں اگر ان زائد اخراجات کوناجائز تصور کریں یا غیر ضروری تصور کریں تو ہم اس کو صحیح نہیں سمجھینگے ۔ وجہ یہ ہے کہ یہی محکمے ہیں جو ملک میں رہنے والوں کے معیار زندگی کو بڑھانے ہیں ۔ ان محکمہ جات کے ذریعہ ہم عوام کے معیار زندگی کو بڑھاسکتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبرس نے کیپیٹل اکسپنڈیچر (Capital expenditure) پر نظر نہیں ڈالی ہے ۔ اگر اسکو دیکھیں تو پتہ چلیگا کہ ۵۴ - ۵۵ میں کیاپیٹل اکسپنڈیچر کے نام سے حیدرآباد اسٹیٹ میں ۸ کروڑ ۸۴ لاکھ ۵۶ ہزار روپے کا خرچ پایا جاتا ہے ۔ کیاپیٹل اکسپنڈیچر کے معنی یہی ہیں کہ یہی جائداد ہمارے ملک میں رہنے والی ہے ۔ اور اس جائداد سے حکومت کو ہمیشہ استفادہ کا حق رہیگا ۔ اس سلسلے میں میں یہ کہونگا کہ سال گزشتہ انعام برخاست کرنے کے بارے میں بل پیش نہیں ہوا ممکن ہے کہ وہ بل سال حال پیش ہوکر اسمبلی سے منظور ہو جائے ۔ اس کی وجہ سے حکومت کو ۱۴ لاکھ روپئے کا فائدہ ہوگا ۔ اسی طریقہ سے منصبداری کو بھی برخاست کرنے کا بل پیش ہوکر منظور ہو جائے تو اس سے بھی کافی فائدہ ہوگا ۔

اس موقع پر اکثر ارکان نے پالیسی کے بارے میں کہا ۔ پالیسی کے بارے میں میں یہ عرض کروں گا کہ جو حکومت ڈیموکریسی کے اصول پر بنتی ہے جو ڈیموکریسی کے اصول کی بناء پر الکشن لڑکر برسر اقتدار آتی ہے اسی الکشن میں ہر ایک پارٹی اپنا مینی فیسٹو (Manifesto) پیش کرکے یہ بتلا دیتی ہے کہ اس جماعت کی پالیسی کیا رہیگی ۔ میں یہ کہوں گا کہ کانگریس میں الکشن میں حصہ لیتے ہوئے عوام کو اپنے مینیفیسٹو کے ذریعہ یہ بتلا دیا کہ کانگریس کی پالیسی کیا رہیگی ۔ بہت ممکن ہے اس پالیسی کو عمل میں لانے میں کچھ دیری واقع ہورہی ہو ۔ لیکن اس دیری کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے اس پالیسی کے نتیجوں کا کریڈٹ (Credit) دوسری پارٹیاں نہیں حاصل کرسکتیں ۔ مجھے یہ بھی کہنا ہے کہ آنریبل ممبرس نے بجٹ اور راج پرمکھ کے اڈریس کے موقع پر تقریریں کیں ۔ لیکن بجٹ پر وہی تقریریں دھرائی گئیں جو راج پرمکھ کے اڈریس کے موقع پر کیگئی تھیں ۔ حالانکہ دونوں تقریریں الگ الگ نوعیت کی ہونی چاہئیں ۔ بجٹ کے موقع پر ملک کے اکنامک (Ecomamic) فینانس اور اڈمنسٹریشن کے بارے میں بحث ہونی چاہیئے ۔ اور راج پرمکھ کے اڈریس کے موقع پر حکومت کی پالیسی کے بارے میں تقریر ہونی چاہیئے ۔ لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ ہمارے ہاؤس میں اب بھی وہی تقریریں سننے میں آئیں جو پہلے ہو چکی ہیں ۔

میں آنریبل فینانس منسٹر سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ حیدرآباد کے محکمہ جات مال آبکاری اور جنگلات میں واقعی طور پر کس قدر بقایا جات ہیں ۔ اگر یہ معلوم ہوتو صحیح

خسارہ کا اندازہ ہوسکتا ہے ۔ اور دیہالیہ بجٹ کا ٹا ٹئیل دینے کی جو کوشش کی جارہی تھی وہ ٹائیٹل بھی نہیں دیا جاسکتا تھا ۔ ساتھ ہی ساتھ میرا سجیشن یہ ہے کہ بڑے بڑے پراجکٹس پر کروڑوں روپیہ خرچ ہوتا ہے لیکن جب ہم اس خرچہ سے آمدنی کو دیکھتے ہیں تو کروڑوں رپیوں کے مقابلہ میں آمدنی لاکھوں میں ہوتی ہے ۔ اس سے فائدہ معلوم نہیں ہوتا ۔ میں آنریبل فینانس منسٹر سے استدعا کروں گا کہ اس بارے میں خاص طور پر توجہ دیکر فیگرس معلوم کرائیں ۔

کروڑ گیری برخاست کرنے کے سلسلے میں گذشتہ سال آنریبل فینانس منسٹر نے اطمینان دلایا تھا کہ اپریل ۵۴ ع سے کسٹمس ڈیوٹی ختم ہو جائیگی ۔ لیکن سالحال کے بجٹ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس سال بھی کروڑگیری رکھی جارہی ہے ۔ میں اس سلسلے میں یہ سجیشن دوں گا کہ سیلس ٹیکس کی وصولی بھی صحیح طریقہ پر نہیں ہو رہی ہے ۔ حسابات صحیح طور پر پیش نہیں کئیے جاتے ۔ جسکی وجہ سے سیلس ٹیکس جس طرح وصول ہونا چاہیئے نہیں ہورہا ہے ۔ اس طرح سیلس ٹیکس پر پوری طرح توجہ دی جاکر کسٹمس کے برخاست کرنے سے ہونے والی کمی کی بھر پائی کرلی جاسکتی ہے ۔ کروڑ گیری کے برخاست ہونے کی تجویز سے عوام کو بھی کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑرہا ہے کیونکہ وہاں کے لوگ یا تو سابقہ عادت کے لحاظ سے یا اس خیال سے کہ اب تو یہ محکمہ بندھی ہونے والا ہے جتنا نفع کماسکتے ہیں اسی عرصہ میں کمالیں اس نیت سے بیحد بد عنوانیاں کررہے ہیں ۔

بجٹ دیکھنے سے یہ بھی نہیں معلوم ہوتا کہ الکٹرسٹی پر اصل خرچ کتنا ہورہا ہے اور آمدنی کیا ہے ۔ اس کی تفصیلات نہیں ہیں ۔ وہ بھی بجٹ میں ہونے چاہئیں ۔

ان سب حالات کے پیش نظر میں آنریبل فینانس منسٹر کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے حالات کا جائزہ لیکر صحیح طور پر متوازنہ پیش کیا ۔ اور اپنڈکس (سی) میں جو نیوایٹمس بتلائے گئے ہیں وہ بھی کافی تشفی بخش ہیں گذشتہ تین سال میں جو تجربہ حاصل ہوا اس کے لحاظ سے سب چیزیں اس میں شامل کی گئی ہیں ۔

آخر میں میں فینانس منسٹر کو مبارک باد دیتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ کم از کم آئندہ سال کے بجٹ میں کروڑ گیری کو نہ رکھیں ۔

श्री. रूसमाजी घोंडीबा पाटील :—मिस्टर स्पीकर सर, जो बजट जागीरदारी, मक्तेदारी, मनसबदारी, रूसुमदारी और अुसके साथ साथ जमीनदारी आदि को कुछ न कुछ धक्का देकर आगे बढ़ कर ऑनरेबल फायनान्स मिनिस्टर साहब ने हाअुस के सामने पेश किया है अुसके लिये मैं अिस बजट को पुरोगामी बजट कहता हूं, और साथ साथ आनरेबल फायनान्स मिनिस्टर साहब को धन्यवाद देता हूं। अभी अभी अेक ऑनरेबल मेंबर ने कहा कि अगले साल तक करोडगिरी को खतम कर दिया जाय लेकिन अुसकी मांग से मैं पूरी तरह सहमत नहीं हूं। मैं नहीं चाहता कि अगले साल तक हमको अिसके लिये रुकना चाहिये। जहां तक हो सके करोडगिरी को हमें आज ही

खतम करना चाहिये यह मेरी मांग है। करोडगिरी के बारे मे जो कहा गया है वह कोअी नअी बात नही है। जिस वक्त हम सरंजामशाही के खिलाफ आंदोलन करते थे, स्वराज्य की मांग करते थे अुस वक्त से हमारी यह मांग रही है। देहात के लोग स्वराज्य के माने नही समझते थे लेकिन करोडगिरी खतम करने के नारे लगाकर ही हमने लोगों मे जोश पैदा किया और स्वराज्य प्राप्त करने के लिये अुनको अेक जगह लाकर लडने को हिम्मत अुन मे पैदा की है। आज हमारे हैदराबाद स्टेट के १६ जिलों के देहातियों की मांग है कि करोडगिरी को खतम कर देना चाहिये, यह सिर्फ हम लोगों की मांग नहीं है बल्कि गरीब मजदूर और काश्तकारों की भी यह मांग है। अिस लिये मै अिस साल कस्टम के लिये कोअी प्रोवीजन रखना बिल्कुल नामुनासिब समझता हूं। स्वराज्य के आंदोलन मे हमने करोडगिरी के नाम पर हजारों लोगों को अेकठ्ठा किया है। जब रजाकार सताते थे तो अपनी मां बहनों की रक्षा के लिये अुनके पास अुस वक्त कोअी हतियार नही रहते थे। अुस वक्त अुन्होंने पत्थर और गोफन से रजाकारों की गोलियों का मुकाबला किया था। टाकली गांव मे रजाकारों ने धुम मचाअी थी। अुसका मुकाबला करने के लिये हजारों की तादाद में गरीब किसान और मजदूर जमा हो गये थे। अुस वक्त हरिभाअु जगताप नामी अेक किसान रजाकारों का गोफन से मुकाबला करते हुअे गोली का शिकार हूआ था। अुसी वक्त अेक काश्तकार अिसी तरह से बेलपुरी गांव में भी रजाकारों के मुकाबले में मारा गया था। मुझे अब याद आता है और दुःख भी होता है कि जब अुसकी लाश पंचनामे के लिये लाअी गअी तो अेक रजाकार ने लाश को लाथ मारी। अुस वक्त हम कहते थे कि हमारी सरकार स्थापित होगी तो सब से पहले हम करोडगिरी को खतम करेंगे। अुस वक्त कांग्रेस कमेटी के अध्यक्ष की तरफ से भी हमको सर्क्यूलर भेजे जाते थे कि अिसी नारे को लेकर लोगों में जागृति पैदा करो। मुझे तारीख वगैरा बराबर याद नही लेकिन शायद अुस वक्त हमारे आज के मिनिस्टर फॉर होम यहां की कांग्रेस के अध्यक्ष थे। अिसी तरह लोनी गांव में भी अेक काश्तकार मारा गया था। हमारे तालुकेके अंदर रजाकारों ने कअी बार अिस आंदोलन को करनेवालों के खिलाफ गोलियां चलाअीं और अुसमें अपने मां, बहनों, बाल-बच्चों की परवाह न करते हुअे लोगोंने कुर्बानियां कीं। मै यह कहूंगा कि अगर अिसी साल हम करोडगिरी को बंद नहीं कर सकते तो अिस हाअुस में कोअी ताकत नहीं है।

[SHRIMATI MASUMA BEGUM (CHAIRMAN) IN THE CHAIR]

पुलिस अेक्शन के बाद करोडगिरी को खतम करने के बारे में आग्रह किया था, लेकिन अुस वक्त बताया गया कि अेक साल अनुभव होने के बाद हम अिसके बारे में कुछ करेंगे। दूसरे महत्वपूर्ण सवालों को पहले हमें हल करना होगा। बाद में वेलोडी साहब की मिनिस्ट्री आअी। अुसमे हमारे यहां के चार लोग थे। अुनसे भी हमने दरख्वास्त की, तो हमें बताया गया कि जब हमारी पूरी मिनिस्ट्री हो जायगी, लोगों की मिनिस्ट्री आ जायगी तब हम करोडगिरी को निकाल देंगे। कअी साल बीत गये और बाद में यह भी आश्वासन दिया गया कि १९५४ के आखिर तक हम करोडगिरी को खतम कर देंगे, लेकिन मैंने अभी सुना है कि सेंट्रल गवर्नमेंट से अिजाजत लेकर अेक साल के लिअे अिसको और जारी रखा जानेवाला है। मैं अिसके बिल्कुल खिलाफ हूं। हम करोडगिरी को बंद नही कर रहे हैं, अिसका बहुत बुरा असर देहात के लोगों पर हो रहा है। मैं टाकली गांव मे गया था जहां के काश्तकारों ने करोडगिरी बंद करने के आंदोलन में अपना खून बहाया था।.....

شری جے وینکٹیشم (حضوراباد - محفوظ) - پوائنٹ آف آرڈر - آنریبل ممبر جو بات کرر ہے ھیں انکے الفاظ کلیر نہیں نکل رہے ھیں - انکو دانت نه ھونے کی وجہ سے شائد . .

श्री रूखमाजी धोंडीबा पाटील :—यह मेरी गलती नहीं है। दांत लगानेवाले और तोडनेवाले की गलती है। मैं अर्ज कर रहा था कि जब मैं अुस गांव में गया तो सौ दो सौ लोग मेरा भाषण सुनने के लिये जमा हुअे। मैंने अुनसे कहा कि अब हमारी सरकार आअी है, शांति प्रस्थापित हो गअी है, आयंदा साल करोडगिरी भी बंद हो जायगी। लोगोंने मुझ से कहा कि आप अपनी जबान बंद करो और यहां से चले जाओ। आजादी के बाद लोगों की अिस तरह की बात सुनकर मेरा दिल ठंढा हो गया है। मुझे शर्म के मारे सर झुकाकर अुस गांव से निकल जाना पडा। लोगों ने कहा कि अपनी मां-बहनों की अिज्जत संभालने के लिये हमने अपना खून बहाया है और अब आप नाकेदारी सम्हालने के लिये और अुनका साथ देने के लिये कहते हैं। १९५४ साल शुरू हो गया है, मैं सरकारसे पूछुंगा कि आप करोडगिरी कब बंद करनेवाले हैं ? अिस तरह से जिंदा रहकर भी मुर्दे की तरह अिस हाअुसमें बैठना हमारे लिये शोभा नहीं देता। मैं यह कहूंगा कि करोडगिरी खतम होने से जो आमदनी कम होगी वह सेल्स टैक्स से हम पूरी करवा सकते हैं, लेकिन आज सेल्स टैक्स डिपार्टमेंट के आफीसर बदनीयती से काम करते हैं। सेल्स टैक्स से जो करोडों रुपया वसूल होना चाहिये वह आज नहीं हो रहा है। हमारे राज्य के कारोबार सेल्स टैक्स की आमदनी पर निर्भर हैं। अिसी डिपार्टमेंट के भरोसे पर हम अपने पूरे मसायल तय करनेवाले हैं। आबकारी खाता भी हमको बंद करना होगा, अुसकी भी मांग बहुत जोर की है। फिर अितना रुपया हम कहां से लायेंगे ? हम और हमारे मिनिस्टर अिस सेल्स टैक्स की तरफ अच्छी तरह से नहीं देख रहे हैं। दूसरे डिपार्टमेन्टस में भी करप्शन बढ रहा है, लेकिन खामोश बैठकर हम अिन बातों को अब चलने नहीं देंगे। हमारे पूरे हाअुस के लोग अगर अिसकी तरफ ख्याल देंगे तो मुझे विश्वास है, यह बात अब नहीं हो सकती। हर मेंबर का यह फर्ज कि वह सेल्स टैक्स की तरफ अच्छी तरह से ख्याल दें। करोडगिरी टैक्स मेहनत करनेवाले काश्तकार और मजदूर देते हैं। सेल्स टैक्स अच्छी तरह से वसूल किया जाय तो वह पूरी जनता पर आयद होता है। अिसलिये अैसी सीधीसादी और मामूली मांग को पूरा करने के लिये मैं फायनान्स मिनिस्टर साहब और पूरे कैबीनेट से अिस्तुदुआ करूंगा कि अिसीसाल में करोडगिरीको खतम करनेकी आप कोशिश करें। अगर नहीं होगा तो जो अिस तरह का बजट बडे बडे अफसरों के अिशारे पर बनाया गया है अुसको हमें आखिर आपके कहने पर पास तो करना ही पडेगा लेकिन वह हमारी पूरी गलती होगी। मैंने पूरी सरहद के आनरेबल मेंबरों से अेक दरख्वास्त पर दस्तखत लेकर वह दरखास्त हुकमत के पास पेश की है। अुसके बारे में ज्यादा बहस करना मैं हाअुस में मुनासिब नहीं समझता, लेकिन मैं अर्ज करूंगा कि कस्टम का मसला हमारी अिज्जत कम करनेवाला मसला हो गया है। अिस पाप्यूलर गवर्नमेंट ने अितने बडे बडे काम किये हैं तो क्या वह अिस मामूली काम को नहीं कर सकती ? जागीरदार, जमीनदार, रूसुमदार, अिनामदार और साथ साथ निजाम साहब के हक को कम करने की ताकत रखनेवाली गवर्नमेंट अगर अिस मामूली कस्टम को खतम करने के बारे में नहीं सोच सकती तो बडे ताज्जुब की बात है। बंबअी और दूसरे प्रांतों में यह करोडगिरी नहीं है। लेकिन हमारे यहां अेक काश्तकार को अपने माल पर ४० या ५० रुपये कस्टम के लिये देने पडते हैं। लोग कहते हैं कि यह मोगलाओ है। अब अिस मोगलाअी की काली लकीर, अिस काले सांप की दुम

को हमने काट दिया है लेकिन सिर्फ अिसीमे काम नहीं चलेगा। अुसके बचे हुअे अगले हिस्से को भी निकालने की जरूरत है। फायनान्स मिनिस्टर से मैं कहूंगा कि अब तक यह पोर्टफोलियो आप की तरफ नहीं था, वह अब आपके पास आया है। मुझे आनंद है, आप तजरूबेकार और गरीबों से हमदर्दी रखनेवाले हैं। मैं आपको बहुत बार मुबारकबाद देता हूं, लेकिन मैं प्रार्थना करूंगा कि हमारी अिस मांग को आप मंजूर करें। यह आवाज मेरी नहीं है, यह अुन लोगों की आवाज है जिन्होंने अिसके लिये कुर्बानियां की हैं। गरीब किसान और मजदूर साल भर में अपने बच्चों को और मां-बहनों को कपडा नहीं पहना सकता लेकिन ५०-५० रुपये करोडगिरी के लिये देता है। भारत आज स्वतंत्र हो गया है अैसी हालत में अिस काले सांप को रखने की जरूरत नहीं है। सेल्स टैक्स के आफिसर डिग्रियां हासिल करके हुकूमत की बडी बडी तनख्वाहें लेते हैं, लेकिन अुनको तजुर्बा नहीं है। व्यापारी अुनको फंसाते हैं, वे डायरेक्टर बने हैं लेकिन अुनको जानना चाहिये कि व्यापारी सरकार को किस तरह से डुबाने की कोशिश करते हैं। कोअी व्यापारी लाख रुपये का माल लेता है तो आधे से ज्यादा रकम दूसरों के नाम पर रख देता है और अिस तरह से सेल्स टैक्स टालता है। मैंने हाअुस का काफी समय लिया है, स्पीकर साहब मुझे अिसके लिये माफ करें, लेकिन यह बहुत अहम मांग है। अगर हम कोशिश करें तो अगले साल सेल्स टैक्स से आज जो सिर्फ २ करोड की आमदनी होती है वह ६ करोड़ तक हो सकेगी अिसके बारे में मुझे संदेह नहीं है। आज सेल्स टैक्स डिपार्टमेंट अपने कारनामों से हुकूमत की अिज्जत को घटा रहा है। अिस डिपार्टमेंट के लोगों को अच्छी तरह से हिदायत दी जाय। अुनसे कहा जाय कि अगर आपसे आयंदा गलती होगी तो आपको बराबर चालान किया जायगा। सैल्स टैक्स की आमदनी बढ जाय तो हम बंबअी प्रांत से भी आगे बढ सकते हैं। बंबअी और मद्रास में अितनी आमदनी हो सकती है तो हमारे यहां क्यों नहीं हो सकती ; लेकिन हम सब को अिसमें हुकूमतकी मदद करनी चाहिये। अिसमें कम्युनिस्ट या यू.पी.पी. पार्टी अिस तरह से पार्टीबाजी का सवाल नहीं है। मैं बंबअी प्रांत के नजदिक का रहनेवाला हूं। वहां के काश्तकारों ने काफी पैसा कमाया लेकिन हमारे काश्तकारों को फायदा नहीं मिल सका। मैं बार बार हुकूमत से प्रार्थना करूंगा कि वह किसी हालत में अिस करोडगिरी को बंद करे। अगर हम हुकूमत चलाने के लायक कहलाते हैं तो अिस मांग की तरफ ध्यान देना होगा। मैं हाअुस से और मिनिस्टर साहब से आखर में अिस्तदूआ करूंगा कि अिस बजट में जो आयटम अिस सिलसिले में रखा गया है अुसको निकालने की पूरी तरह कोशिश की जाय। और करोडगिरी को खत्म करने के बारे में सोचें। अितना कहकर मैं अपना भाषण समाप्त करता हूं।

شری جے۔ آنند راؤ (سرسلہ۔عام) میڈم چیرمن ۔ آنریبل ممبرس نے بجٹ پر خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ اوس طرف سے یہ کہا گیا کہ گزشتہ کی طرح اب بھی اپوزیشن پارٹی کی طرف سے اسکو پولیس بجٹ کہا جا رہا ہے ۔ یا جاگیر دارانہ بجٹ کہا جا رہا ہے یا زمینداراںہ بجٹ کہا جا رہا ہے ۔ لیکن میں بھی پھر اون ہی باتوں کو (کہنے پر مجبور ہوں جو کہ آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن نے کہی ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ بجٹ کا جونیچر (Nature) ہے وہ سیمی فیوڈل ٹائپ (Semi feudal type) کا نیچر ہے ۔ یہ میں اس وجہ سے کہتا ہوں کہ ہمارے ریونیو کے جو سورسس (Sources) اور ذرائع ہیں وہ وہی ہیں جو پہلے تھے یعنی اگر کلکٹر

اکسائز ۔ جنگلات وغیرہ ۔ اون ھی سے ھماری آمدنی کا زیادہ حصہ حاصل کیا جاتا ھے اور اس کو جسطرح خرچ کیا جاتا ھے وہ تو صاف ظاھر ھے ۔ اس کو دھرانے کی ضرورت نہیں ۔ یہ خرچہ یا تو منصبداروں ۔ جاگیرداروں اور نظام کو معاوضہ دینے پر خرچ کیا جاتا ھے یا اڈمنسٹریشن پر خرچ کیا جاتا ۔ پراڈکٹیو نیچریا نیشن کنسٹرکشن کے مدات پر یہ رقم خرچ نہیں کی جاتی ۔ در اصل دیکھا جائے تو آمدنی کے جو ذرائع ھیں یعنی اگریکلچر وغیرہ (جن کا میں نے ذکر کیا ھے) وہ انسگنیفیکینٹ نیچر (Insignificant nature) کے ھونا چاھئے اور اصل آمدنی تو انڈسٹریز کے ذریعہ ھونی چاھئے ۔ اس قسم کے جو سورسس رھنے چاھئیں وہ یہاں نہیں ھیں ۔ اس قسم کے سورسس کیپٹلسٹ کنٹریز (Capitalist countries) مثلاً انگلینڈ ۔ امریکہ ۔ کینیڈا وغیرہ میں ھیں ۔ یہاں صرف زراعت پر ھی بھروسہ کیا جائے تو آمدنی کم ھوگی ۔ ایک آنریبل ممبر نے ابھی ابھی کہا تھا کہ کانگریس نے تمام وہ باتیں جو اوس نے اپنے مینی فسٹو (Manifesto) میں لکھی ھیں اون پر عمل کر رھی ھے ۔ میں کہونگا کہ آپ کے مینیفسٹو میں یہ نہیں تھا کہ جاگیر داروں کو معاوضہ کے نام پر رقم دیجائیگی ۔ اگر نہ دینے کے متعلق کوئی کہیں تو کانسٹی ٹیوشن کی آڑ لیجائیگی اور کہا جائیگا کہ کسی پراپرٹی کو بلا معاوضہ نہیں لیا جاسکتا ۔ ھم نظام کو صرف خاص کا معاوضہ دینگے کیونکہ سنٹرل گورنمنٹ اور نظام سے معاھدات ھیں ۔ اس قسم کی باتیں اس میں نہیں تھیں پولیس کے سلسلہ میں یہ کہا گیا ھے کہ پہلے کچھ ایسے نا خوشگوار حالات تھے اوسکے پیش نظر ھم آئندہ احتیاط کرنا چاھتے ھیں اس لئے پولیس کے مد میں خرچ کیا جا رھا ھے ۔ واقعہ ایسا نہیں ھے ۔ کمیونسٹ پارٹی نے صاف صاف اپنی پالیسی کا اعلان کردیا ۔ الکشن کے سلسلہ میں اوس نے سنجیدگی سے اپنا لائحہ عمل عوام کے سامنے رکھا ۔ وہ اس قسم کے اکٹیویٹیز (Activities) نہیں کررھی ھے ۔ بلکہ جمہوری طریقہ سے آگے بڑھ رھی ھے اور جمہوریت کو فروغ دینا چاھتی ھے ۔ لیکن چونکہ خود آپ کو اپنے پر بھروسہ نہیں اس لئے آپ کہتے ھیں کہ کمیونسٹ پارٹی یا سوشلسٹ پارٹی اس قسم کے اکٹیویٹیز کر رھی ھے ۔ عوام کے مسائل کو حل کرنے کی ھمت آپ میں نہیں ھے ۔ آپ یہ جانتے ھیں کہ عوامی قوتیں آج ابھر رھی ھیں ۔ بیروزگاری اور انڈسٹریز بند ھونے کی وجہ سے ھڑتالیں ھو رھی ھیں دیہاتوں میں جو لیبرس ان امپلائڈ ھوگئے ھیں وہ سٹی میں آرھے ھیں ۔ وہ لوگ بیروزگاری سے پریشان ھوکر اپنے جائز مطالبات کے لئے آپ سے لڑنا چاھتے ھیں ۔ اون کو دبانے کے لئے پولیس کی ضرورت ھے ۔ اسی فکر سے آپ پولیس پر کافی روپیہ خرچ کر رھے ھیں ۔ کہتے ھیں کہ عوام میں ایسی چیزیں نہیں لیکن دوسری پارٹیاں اون کو بھٹکا کر ریویلیوشنری ایکشنس کروانا چاھتے ھیں ۔ لیکن اس سے یہ معلوم ھوتا ھے کہ آپ کو عوام سے خطرہ ھے اور آپ اون کے مسائل حل نہیں کرسکتے ۔ یہ صاف بات ھے ۔ ان امپلائمنٹ کی جو بھیانک صورت پورے ھندوستان اور حیدرآباد میں آپ دیکھتے ھیں اوس کا مقابلہ کرنے کے لئے آپ نے ایسے طریقہ اختیار نہیں کئے کہ ایک

دو سال میں اوس کا انسداد ہوسکے - ایک طرف تو اسکلڈ ان امپلائمنٹ ہے اور دوسری طرف غیر فنی لوگ یعنی لیبررس وغیرہ کو امپلائمنٹ نہیں مل رہا ہے حکومت کا یہ کہنا کہ روزگار حاصل کرنے کے لئے اتنے لوگوں نے درخواستیں دی ہیں اور اتنے لوگوں کو ہم نے روزگار دیا یہ صحیح نہیں ہے - ہزاروں لوگ ایسے ہیں جنہوں نے آپ کے پاس درخواستیں نہیں دی ہیں - واقعات ہمارے سامنے صاف ظاہر ہیں - عوام کی پرچیزنگ کیپاسیٹی بڑھانے کے لئے ہم لازمی طور پر دیش کو انڈسٹریلائز (Industrialise) کرنا چاہئے - انڈسٹریز بڑھانا چاہئے تاکہ بیروزگاری کا مسئلہ حل ہوسکے - اگر انڈسٹریز کو ترقی دیجائیگی تو ایجوکیٹیڈ اور غیر تعلیم یافتہ بیروزگاروں دونوں کی ایک حدتک اس میں کھپت ہوسکتی ہے اور ہماری قومی دولت میں اضافہ ہوسکتا ہے - ممکن ہے ٹریژری بنچس کے آنریبل ممبرس یہ کہیں کہ بجٹ سے لینڈ کا مسئلہ حل نہیں ہوگا - بلکہ اس کے لئے تو ہم نے قانون لایا ہے - لیکن میں کہونگا کہ آپ کے اوس قانون سے بھی مسئلہ حل نہیں ہوسکتا - ہزاروں لاکھوں ایکر زمین لوگوں نے آپس میں تقسیم کرلی ہے - بہت سے لوگوں نے اپنی زمینات کو بیچ کر ہزاروں روپیہ اپنے پاس رکھ لئے ہیں - یہ چیز آپ بھی جانتے ہیں ہم بھی جانتے ہیں- امید نہیں کی جاسکتی کہ لینڈ اکویزیشن سے دوسرے لوگوں کو زمین ملیگی - یہ البتہ ہوسکتا ہے کہ جن لوگوں نے زمینات بیچی ہیں اونکو اپنا روپیہ انڈسٹریز میں لگانے کے لئے ترغیب دیجائے - اس سے قومی دولت میں تھوڑا بہت اضافہ ہوسکتا ہے - اور ان امپلائمنٹ بھی دور ہوسکتا ہے - اس سے قوت خرید بھی بڑھیگی - ہمارے پلاننگ کے تحت پرائویٹ کیپٹل کو بھی انڈسٹریز میں لگانے کی ترغیب دیجانی چاہئے زمینداروں نے اپنی اراضیات بیچ کر ہزاروں روپیہ پیدا کرلئے ہیں - جاگیر دار وغیرہ کے پاس بھی دوسرے طریقوں سے جمع کیا ہوا روپیہ ہے - اس کو انڈسٹریز میں لگانے کی ترغیب دینا چاہئے - ہماری پارٹی نے یہ صاف صاف کہدیا ہے پرائویٹ کیپٹل کو ایک دم ضبط کرکے نیشنلائزیشن کے لئے پلان نہیں بنایا جاسکتا ہم کو رفتہ رفتہ اور تدریجی طور پر آگے بڑھنا چاہئے - پرائویٹ سکٹر کو مدد دیتے ہوئے جسطرح کہ چائینا میں ہوا آگے بڑھنا چاہئے - اس وقت جو انڈسٹریز ہیں وہ بدیشی لوگوں کے ہاتھ میں ہیں ہٹی گولڈ مائنس اور سنگارینی کالیریز کا مینیجمنٹ انگریزوں کے ہاتھ میں ہے - سرسلک کے متعلق آپ کی جانب سے یہ کہا گیا کہ ہم نے برلا کو اس لئے دیا ہے کہ وہ اچھی طرح چل سکے - ممکن ہے پٹیل یا پنڈت جی کی سفارش لائے ہونگے حالانکہ مقامی لوگ اومن کو لینے کے لئے تیار تھے - اون سے اس کے متعلق تصفیہ نہیں کیا گیا - اون کو اس سے استفادہ کا موقع نہیں دیا گیا- بلکہ برلا صاحب کو جو ہندوستان کے ایک بہت بڑے کیپٹلسٹ ہیں اون کو موقع دیا گیا ہے - اسی طرح چارمینار فیکٹری آئی - یل - ٹی - ڈی کے سپرد کی گئی ہے - اس وقت کوئی انڈسٹری ایسی نہیں جو یہاں کے پبلک انٹرپرائزرس کے تحت ہو - چند انڈسٹریز ایسی بھی ہیں جن میں ہاف

مینیجمنٹ ہمارا اور ہاف مینیجمنٹ دوسرے لوگوں کا ہے یا اون کے سپرویژن میں ہے۔ میری معلومات کی حدتک میں کہہ سکتا ہوں کہ بہت کم انڈسٹریز ایسی ہیں جو پرائیویٹ سکٹر سے تعلق رکھتی ہیں ۔ اگر یہی صورت حال رہے تو انڈسٹرلائزیشن ہوسکتا ہے اور نہ ملک آگے بڑھ سکتا ہے ۔

میں خاص طور پر بیسک ایجوکیشن (Basic Eduaction) کی جو گورنمنٹ پالسی ہےاس پر تبصرہ کرنا چاہتاہوں ۔عوام کو یہ طریقہ بتایا گیا ہے ہم اسٹوڈنٹس (Students) کو ہاف ٹائم (Half time) پڑھائینگےاور ہاف ٹائم مختلف پیشوں مثلا بڑھئی . درزی لوہار۔کمہار جولائی وغیرہ کی تعلیم دیں گے ۔گویا کم سن بچوں کو جن کی عمریں ۱۰ - ۱۱ سال کی ہیں اس کی تعلیم دلانا مقصود ہے میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا اس نمونہ پر تعلیم دیجائے تو کوئی صنعتی ترقی ملک میں ہوسکتی ہے ۔ اس طرح کی ترغیب دیکر آپ کس قسم کا سماج تیار کرنا چاہتے ہیں۔ کیا اس کے بعدسلف سفیشیٹ (Self-sufficient) ہوسکیں گے اگر آپ کاخیال یہ ہے کہ وہ سلف سفیشنٹ ہوں گے جیسا کہ کہا جارہا ہے تو میں کہوں گا کہ یہ ساری باتیں کہنے اور سننے کی ہیں۔ عام فہم آدمی کو تو یہ باتیں اچھی معلوم ہوں گی لیکن اس کے نتائج برے نکلیں گے ۔ یہ کوئی سائینٹیفک (Scientific) طریقہ نہیں ہے کہ محض لیبر کی تعداد کو بڑھایا جائے ۔ ایسے بچے جو نکلیں گے وہ چائلڈ لیبر میں آئیں گے جن کی جسمانی حالت بھی اچھی نہ ہوگی اوروہ کسی فن میں بھی تیار نہ ہوسکیں گے۔ اور اگر کوئی اپنے خاندانی پیشے سیکھنا چاہےتووہ خود اپنے گھر میں سیکھ سکتا ہے ۔ لیکن آپ ٹریننگ دیں گے تو ان کی صحت دن بدن گرتی جائیگی ۔ جن پیشوں کی ترغیب دیجا رہی ہےآخر وہ کونسے پیشے ہیں۔ اس کے کیا اثرات ہوں گے اس پر غور کرنا ضروری ہے ۔ سلف اکانمی (Self economy) پالیسی جو پہلے زمانے میں تھی کیا آج ہم دستی مشاغل سے آج کی ضروریات کی تکمیل اسی طرح کرسکتے ہیں۔ آج جبکہ ساری دنیا ایک ملک کےمانند ہےایک گھر کےمانند ہے ۔ حمل و نقل کےذرائع بڑھ گئے ہیں۔ آمد و رفت کی سہولتیں بڑھ گئی ہیں ایسی صورت میں ایسے زمانے میں کیا ان باتوں سے کوئی فائدہ ہوسکتا ہے ۔ اس سے محض یہ ہوگا کہ کامپی ٹیشن (Competition) میں ہم ایک اور اضافہ کرسکتے ہیں۔ لوگوں کو ہم بیاک ورڈ (Backward) یعنی رجعت پسندی کی طرف لے جارہے ہیں ۔

آپ نے اپنے اصولوں کو گاندھین تھیری (Gandhian Theory) وغیرہ وغیرہ کتنے پیارے پیارے نام دئے ہیں لیکن اس کا خیال نہیں کیا جاتا کہ اگرہم ان اصولوں پر آج ان حالات میں عمل کریں تو ہماری حالت اور بدتر ہو جائیگی ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ مجھے ایجوکیشن کی اس پالیسی سے بالکل اختلاف ہے جو آئندہ تمام اضلاع میں پھیلائی جانے والی ہے ۔ مجھے اس میں بھی شبہ ہے کہ یہ سرسبزہوگی ۔

میں سمجھتا ہوں کہ یہ اسکیم سر سبز نہیں ہوسکتی - بجائے اس کے کہ میکانائز طریقہ پر اپنی افیشینسی کو بڑھائیں ہم پیچھے کی طرف جارہے ہیں - اس سے ہماری خوش حالی نہیں بڑھ سکتی - دوسری چیز یہ ہے کہ وہاں شفٹ سسٹم (Shift system) نافذ کیا جارہا ہے یعنی دو شفٹ میں تعلیم دیجائیگی - صبح میں ایک بیاچ (Batch) اور دوپہر میں دوسرا بیاچ . اس طرح گورنمنٹ کا ارادہ ہے کہ کم از کم خرچ میں زیادہ سے زیادہ لوگ تعلیم حاصل کرسکیں اور ساتھ ساتھ پیشہ ورانہ تربیت بھی ہوجائے لیکن کیا اس طرح عمل کیا جائے تو ٹیچرس پر بہت زیادہ بار نہیں ہوگا - ایک بیاچ کو صبح سے شام تک پڑھانے اور ایک بیاچ کو صبح میں اور دوسرے بیاچ کو شام میں اس طرح دو بیاچس کو صبح سے شام تک پڑھانے میں بہت بڑا فرق ہے یہ کوئی سیکل نہیں ہے کہ صبح سے شام تک میں سوار رہا اور شام میں زید کو دیدیا یہ مشنری (Machinary) نہیں ہے ٹیچر کا دماغ ہے - اتنا زائد بار کیا وہ برداشت کرسکے گا - میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس کی قوت برداشت سے باہر ہے - انسان کے ساتھ مشین کا سا سلوک کرنا کچھ ٹھیک بات نہیں ہے - میرا پرپوزل یہ ہے کہ اگر آپ کو تعلیم دینا ہے تو ٹکنیکل ایجوکیشن دیجئے جیسے اگریکلچر - ویٹرنری - مڈیکل وغیرہ ایسے لڑکوں کو اس میں شریک کیجئے جو دسویں کلاس تک پڑھے ہوں - ان کو ان سبجکٹس (Subjects) میں تعلیم دلاکر ڈپلوما (Diploma) دیا جاسکتا ہے - انٹر (Inter) کے بعد کسی کورس (Course) کو لینے کے بجائے میٹرک کے بعد ان کو ان مضامین کی تعلیم کے لئے داخلہ ملنا چاہیئے - ایم - بی - بی ایس بننے کے لئے ۲۴ - ۲۵ سال تک انتظار نہیں کیا جاسکتا ملک کے حالات کے لحاظ سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ میٹرک کے بعد تین سال کا کورس رکھکر بی - اے کی ڈگری دیدی جائے تاکہ ہم کم وقت میں زیادہ سے زیادہ ٹکنیشنس (Technicians) پیدا کرسکیں اور اپنے ضرورتیات زندگی کو پورا کرسکیں ایسی صورت میں ٹکنیکل ایجوکیشن کو فروغ دینے میں دنیا کے ساتھ ہم بھی آگے بڑھ سکیں گے - ورنہ زمانہ تو آگے بڑھ جائیگا اور ہم گاندھین فلاسفی (Gandhian Philosophy) کو لیکر چلیں تو اس سے نقصان ہوگا - اور بیاک ورڈ ہو جائیں گے -

The bell was rung.

میں سمجھتا ہوں کہ میں نے زیادہ وقت نہیں لیا ہے - پانچ منٹ میں ختم کردونگا -

اسکے بعد میں لوکل باڈیز کے تعلق سے گورنمنٹ کی جو پالیسی ہے اس پر تبصرہ کرونگا - میونسپالیٹیز (Municipalities) میں ٹاؤن کمیٹیوں کے نامینیشنس (Nominations) کے بارے میں احتجاج کیا گیا اور ریپریزنٹیشن (Representation) کئے گئے تو یہ تیقن دیا گیا کہ اسپر ہمدردانہ غور کیا جائیگا - دیشپانڈے صاحب - راجہ رام صاحب اور دوسرے آنریبل ممبرس جنہوں

سابقہ منسٹر صاحب سے ملے تھے تو انہوں نے چیف منسٹر صاحب سے مشورہ کے بعد یہ وشواس دلایا تھا اور یہ وعدہ کیا تھا کہ آئندہ جب نامنیشنس ہونگے تو اتنی احتیاط برتی جائیگی کہ جو پارٹی میجاریٹی (Majority) میں ہے اسکو مینارٹی (Minority) میں لانے کی کوشش نہ کی جائیگی - اور دوسری بات یہ بتائی گئی تھی کہ نامنیشنس میں جو گورنمنٹ آفیسرس ہیں وہ غیر جانب دار رہینگے - اس کا وشواس دلایا گیا تھا - لیکن آج جب واقعات کو سامنے رکھا جاتا ہے کہ کسطرح وشواس دلا کر اوس سے پھر گئے ہیں اور جب اسطرف توجہ دلائی جاتی ہے تو اسپر کوئی توجہ نہیں کی جاتی - ہم آج دیکھ رہے ہیں کہ نامنیشن میں ایسے لوگوں کو لیا جا رہا ہے جو کانگریس کے پٹھو ہیں اسکا نتیجہ یہ ہے کہ حال حال میں ویملواڑہ میں جو الکشنس ہوئے وہاں پی - ڈی - ایف نے ۵ نشستیں حاصل کیں - اور دو نشستیں کانگریس کو ملیں اسکے باوجود ایک آدمی کو کسی طرح بھٹکا کر اپنے میں ملالیا گیا - جہاں کہیں کانگریس نے نامنیشن کیا وہ پورے گورنمنٹ کے نمائندہ تھے اور ان لوگوں نے اپنی وفاداری کا ثبوت دیا - اسی طرح بھونگیر وغیرہ کی مثالیں گذشتہ سیشن میں دیگئی ہیں - میں اس مسئلہ کو اسلئے دھرا رہا ہوں کہ وشواس دلانے کے بعد بھی یہسلوک کیا گیا ہے - کورٹلہ تعلقہ جگتیال میں ایسے لوگوں کو نامنیشن میں لیا گیا ہے جو زمینات بیچکر کورٹلہ آئے ہیں اور مستاجر آبکاری ہیں جگتیال کے یہ صاحب کانگریس پریسیڈنٹ کے عزیز ہیں اسلئے انکو نامنیٹ (Nominate) کرایا گیا ہے - نہ صرف یہ بلکہ انکے گماشتے کو بھی نامنیٹ کیا گیا ہے - حالانکہ مقامی اعتبار سے انکو کوئی تعلق نہیں ہے - بڑے مستاجر کو نمائندگی دیگئی تو انکے گماشتے کو بھی نمائندگی دیگئی - کیا اس گاؤں میں کوئی پبلک نمائندگی کرنے والے اوس گاؤں کے آدمی نہیں تھے - اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کے کانگریس آرگنائیزرس نے جسطرح کا مشورہ دیا اسپر عمل کیا گیا - تعاون عمل کا یقین دلانے کے باوجود اسطرح کا عمل کیا گیا ہے - وڑپلی میں نامنیشن ہوا - وہاں یہ کیا گیا کہ ایک پولیس سب انسپکٹر کو نامنیشن میں لیا گیا - کیا یہی پبلک کی نمائندگی ہے - وشواس دلانے کے باوجود میونسپالیٹیز میں پولیس سب انسپکٹر کو نمائندگی دیگئی ہے - کیا یہ طریقہ صحیح ہوسکتا ہے -

मिनिस्टर फार फायनान्स, कस्टम्स, स्टाटिसटिक्स, कामर्स ॲंड इंडिसट्रीज. (श्री. वि. के. कोरटकर) :—जिस शक्स के बारे में आप बता रहे हैं वह अभी कामपर रूजू है क्या ? या उसने पेनशन ले लिया है ?

شری جے آنند راؤ - میں تو اسکا امتیاز نہ کرسکا کہ وہ برسر خدمت ہیں یا کیا -

چیف منسٹر (شری پی - رام کشن راؤ) وہ ریٹائر (Retire) ہونگے -

شری جے - آنند راؤ - جی ہاں - میں پوچھتا ہوں ایسی صورت میں جمہوریت کو کسطرح فروغ ہوسکتا ہے - پبلک کے نمائندوں کو لینے کی جو پالیسی حکومت کی

ہونی چاہئے وہ نہیں ہے - ایسی صورت میں اپوزیشن کا تعاون کسطرح حاصل کیا جاسکتا ہے - میں حکومت سے کہونگا کہ وہ اس بارے میں توجہ دے - کیونکہ تیقن دئے جانے کے باوجود یہ چیزیں نہیں ہورہی ہیں - کیبینٹ کے ڈسیشن کی برابر تعمیل نہیں ہورہی ہے - اس جانب توجہ دینا ضروری ہے - اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

* **شری جی - سری راملو** (منتھنی) میڈم چیرمن - آج ایوان کے سامنے ۵۴-۵۵ ع کا بجٹ پیش ہے - اس پر تقریر کرتے ہوئے ابھی ابھی اس جانب کے ایک آنریبل ممبر نے یہ اعتراض کیا کہ بجٹ پر جو تقریریں ہورہی ہیں وہ وہی پرانی رٹ ہے بہتر ہوتا اس کا ایک ریکارڈ تیار کرلیا جاکر وقتاً فوقتاً بجایا جاتا - میڈیم اسپیکر سر - اس سلسلے میں میں یہ عرض کردینا چاہتا ہوں کہ ہمارے سامنے راج پرمکھ کا اڈریس آیا - اس کے بعد سپلمینٹری ڈیمانڈس آئے - اس کے بعد بجٹ اسپیچ ہوئی - اس کے بعد یہ بجٹ ہمارے سامنے آیا - ان چاروں میں بھی ہمیں وہی باتیں نظر آئیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ کانگریس کس رخ چل رہی ہے - ان چاروں میں بھی تقریباً وہی چیزیں ہیں - اس لئے اس پر بحث کے دوران میں وہی باتوں کا ذکر کرنا کوئی تعجب کی بات نہیں کیونکہ کوئی شخص کتنی بھی معلومات رکھنے والا ہو اس کو اس دائرہ میں آنا پڑتا ہے - اس سلسلے میں میں پنڈت جواہر لال نہرو کا کوٹیشن کوٹ کرتا ہوں - انہوں نے ریسرچ لیبوریٹری (Research Laboratory) کا افتتاح کرتے ہوئے فرمایا کہ میں بمبئی سے آرہا ہوں - اور آتے ہوئے تین چار میٹنگس میں مجھے سائنس اور سائینس کے کاموں پر بھی اظہار خیال کرنا پڑا - تو یہ کوئی اچنبہ کی بات نہیں اگر وہی معلومات اور سنٹنسس کا یہاں اعادہ کروں - یہ اپالوجی (Apology) پیش کرتے ہوئے انہوں نے تقریریں کی - یہاں چیف منسٹر ہوں یا کوئی اور جب اسمبلی میں کوئی مسئلہ اسی رنگ میں آتا ہے تو ان ہی باتوں کا اعادہ کرنا پڑتا ہے - اس کا یہ مطلب نہیں کہ پورے کے پورے پیرا گرافس (Paragraphs) دہرائے جائیں - میرا یہ منشاء نہیں ہے - میں یہ رزرویشن رکھ رہا ہوں - آنریبل ممبر کے اعتراض کا یہ جواب دیتے ہوئے میں آگے بڑھتا ہوں -

مجھے اس بجٹ کو سراہنے میں کوئی شک نہیں ہے - میں آنریبل فینانس منسٹر کی بہت عزت کرتا ہوں - وہ تیاگی ہیں - دیش کے لئے انہوں نے بہت کام کیا ہے - وہ عوام کے کشٹ کو دور کرنے کے خیالات رکھتے ہیں - مجھے آنریبل فینانس منسٹر کو دھنیا واد دینے میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں ہوتی - مگر اس بجٹ کے تعلق سے ان کا تیاگ ان کا کشٹ کہاں تک بجٹ پر اثر کرسکتا ہے میں اس کو سمجھ نہ سکا - شخصی طور پر میں ہرروز ان کے گھر جاکر بھینٹ کرسکتا ہوں - لیکن بجٹ کو وہ کہاں تک بدل سکتے ہیں مجھے یہ پوچھنا ہے - ابھی ابھی اس جانب سے ایک عمر رسیدہ آنریبل ممبر نے بڑے جذبہ کے ساتھ تقریر کی اور انہوں نے ہم سے زیادہ کانگریس پر کیچڑ اچھالا انہوں نے کانگریس سے متعلق ہم سے زیادہ کہا - یہ حقیقت ہے کہ [illegible]

کشٹ ہو رہا ہے ۔ ایسا نہونا چاہئیے تھا ۔ آخر میں انہوں نے دھنیاواد دیا ۔ اس جانب کے آنریبل ممبرس میں یہی بات ہے کہ کبھی گرم ہو جاتے ہیں اور کبھی نرم ہوجاتے ہیں اس کے برخلاف ہم صرف حقیقت کو جانتے ہیں اور حقیقت ہی کو کہنا چاہتے ہیں ۔ اسی پر چلنا چاہتے ہیں ۔ اس میں سائیڈ ٹراک کرنے کی ضرورت ہم محسوس نہیں کرتے ۔ جو کچھ ہے صاف سیدھا بولتے ہیں ۔ یہاں ۱۰ کی میجارٹی سے آپ جو حکومت کر رہے ہیں جس کی وجہ سے اپوزیشن کی بات کو ایک آنہ بھی نہیں مانتے خیر یہی آپ کی ڈیموکریسی ہے ۔ لیکن جب ٹراونکور یا آندھرا میں کچھ کشٹ سامنے آتا ہے تو اس وقت آپ اپوزیشن سے ملنا چاہتے ہیں ۔ اس وقت اپوزیشن کا خیال آتا ہے ۔ اس وقت ملکر کام کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے ۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر یہی ملکر کام کرنے کا جذبہ اس وقت بھی آپ میں رہتا جب کہ آپ میجارٹی میں ہوں ۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر آپ ملے جلے خیالات کے ساتھ اپنا مینی فسٹو بناتے ۔ اس لئے کہ ہم تو کامن میان (Common man) اور اس شخص کو فائدہ پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں جو جھونپڑی میں بیٹھا ہوا ہے ۔ نازک وقت پر تو آپ کو اپوزیشن سے سہیوگ حاصل کرنیکا خیال آتا ہے ۔ لیکن اگر میجارٹی میں رہکر آپ اسی سہیوگ کے جذبہ سے کام کرتے تو ہم آپ کو ضرور سراہتے ۔ میں اس بجٹ کو کس زبان سے سراہوں ۔ میں کئی دنوں تک اس بارے میں چھان بین کرتا رہا ۔ لیکن مجھے ایسی کوئی چیز نظر نہیں آئی جس سے یہ بجٹ عوامی بجٹ معلوم ہوسکے ۔ یہ بات تو نہیں ہے کہ مجھے سراہنے کی بات نہیں آتی ۔ لیکن اس میں خود کوئی ایسی بات نظر نہیں آتی جس کی وجہ سے اس کو سراہا جاسکے ۔ اس سال ریوینیو اسٹس (Revenue Assets) ۲۸ کروڑ ہیں ۔ اس میں سے نیشن بلڈنگ کے کاموں پر ۷ء۳۰ ۱۴ فیصد ہیں تو میں کس منہ سے اس کی تعریف کروں ۔ آدھے سے زیادہ رقم تو اڈمنسٹریشن اور اسٹیابلشمنٹ پر خرچ ہورہی ہے ۔ ایسی صورت میں اس کو کس طرح عوامی بجٹ کہا جاسکتا ہے ۔ آج کے بڑھتے ہوئے مسائل کے لحاظ سے آپ نے نیشن بلڈنگ کے کاموں کو کتنی اہمیت دی ہے اس کا اندازہ ہمیں ہوجاتا ہے ۔ اہم مسئلہ کو پہلے ترجیح دینا چاہیئے اور جو دوسرا اہم مسئلہ ہے اس کو بعد میں ترجیح دینا چاہیئے ۔

First things must be given the first place and second things second.

لیکن یہ اصول بجٹ کے تیار کرنے میں ملحوظ نہیں رکھا گیا ہے ۔ بجٹ تو ہرسال تیار ہوتا ہی ہے ۔ نظام کے زمانے میں بھی تیار ہوتا تھا اب بھی تیار ہوتا ہے ۔ لیکن یہ آپ کے مینی فیسٹو یا آپ کی ائیڈیالوجی (Ideology) کے لحاظ سے نہیں ہے ۔ کیونکہ اس کو کیبنٹ نے تو نہیں بنایا ہے ۔ وہی کھچڑی جو سیکریٹریٹ سے پک کر آئی اسی کو چالیا گیا ہے اور اسکا ذائقہ لے رہے ہیں ۔ آپ کے مینی فیسٹو میں کیا تھا آپ کی ان اسپچس میں کیا تھا جو آپ نے چھوٹے چھوٹے مسئلے والے لوگوں

کے سامنے کی تھیں۔ کیا وہ باتیں بھول گئے ۔ اگر ان باتوں کو ملحوظ رکھکر انہیں بجٹ میں نچوڑا جاتا تو اس سے عوامی مشکلات دور ہوتیں۔ لیکن اس کے برعکس ہم آج بجٹ میں دیکھ رہے ہیں وہی اسٹیابلشمنٹ چارجس ہیں وہی

Pay of officers, Travelling Allowances, House rent Allowances, Menial staff etc.

ہے ۔ ہر ایٹم میں ہم یہی دیکھ رہے ہیں ۔ لیکن عوام کی ترقی پر کیا خرچ ہورہا ہے یہ بات کہیں نظر نہیں آتی ۔ یہاں سے وہاں اسٹیابلشمنٹ ہی اسٹیابلشمنٹ پر خرچہ ہورہا ہے ۔ مثال کے طور پر میں وہیکلس ٹیکس (Vehicles Tax)کے بارے میں عرض کرونگا کہ اس سے آمدنی ایک لاکھ ۱۶ ہزار بتائی گئی ہے ۔ اور اس کے لئے برابر اتنی ہی رقم خرچ کی جاتی ہے ایسی صورت میں میں پوچھتا ہوں کہ اتنی رقم صرف کرکے اتنی ہی رقم وصول کرنا کہانتک مناسب ہے ۔ بلا وجہ وصول کرنے کی درد سری کیوں مول لی جائے ۔ اسی طرح دوا خانوں کا اسٹابلشمنٹ ہے ۔ دوا خانوں کے اسٹاف پر تقسیم کی جانے والی دواؤں کی قیمت سے زیادہ خرچ کیا جاتا ہے ۔ یہ اندھیری کوٹھری میں کیا ہورہا ہے ۔ جسطرح راج پرمکھ نظام کے دور حکومت میں لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لئے من مانے خرچ کیا جاتا تھا اسی طرح اب بھی آنکھ بند کرکے اندھیری کوٹھری میں عمل ہورہا ہے ۔ آپ کے دلوں میں جو جذبہ ہے اسکے تحت آپ اپنا مینیفسٹو تیار کرتے ہیں ۔ لیکن بجٹ اور راج پرمکھ کے اڈریس کی جانب دیکھیں تو وہ جذبہ ہمیں نظر نہیں آتا ۔ سکرٹریٹس کے لئے اتنا خرچ ہوتا ہے بے آف منسٹرس پر اتنا خرچ ہوتا ہے ۔ گو تین منسٹرس نکالدئے گئے ہیں لیکن ایک نیا ڈپارٹمنٹ ڈائرکٹوریٹ آف انسپکشن اینڈ اکونٹس کھولا گیا ہے ۔ اس کے لئے ۵ لاکھ روپئے رکھے گئے ہیں۔ ٹیننسی کمیشن کے لئے ۱۰ لاکھ کا ایک نیا مدآگیا ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ نہیں ہونا چاہئے تھا ۔ اگر عزم ہوتو سب کچھ ہوسکتا ہے ۔ جو باتیں ہوتی ہیں تو وہ ہوکر ہی رہینگی ۔ اگر نہیں ہونگی تو آپ کے بقا کا سوال بھی پیدا نہیں ہوتا ۔ جو کچھ کیا جاتا ہے وہ سمجھ بوجھ کر ہی کیا جاتا ہے ۔ آنریبل ممبر نے کہا کہ مینی فسٹو ہمارے سامنے ہے ۔ لیکن ۲۲ ہزار دیہاتوں میں جو کسان اور انکے بیل تکالیف میں مبتلا ہیں زمین کی پیداوار کی حالت گھٹ رہی ہے انہیں فروغ دینا آپ کے مینی فیسٹو میں ہے ۔ ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ ہمارا بجٹ بالکل اسی نمونے پر بنا ہے ۔ تو کیا میں یہ سمجھوں کہ آپ کا مینیفسٹو ہی یہی ہے ۔ جسکا آئینہ یہ بجٹ ہے ۔ کیا آپ وہی نظام کی اندھیری کوٹھری میں رہنا چاہتے ہیں جس کے خلاف آپ اور ہم لڑے ہیں۔ اسی زمانے کے بجٹ کو آپ نے اپنے مینی فیسٹو سے جوڑ دیا ۔ اسطرح سے کہ پولیس ایکشن سے پہلے کا راج اور یہ بجٹ دونوں برابر ہیں اس سے تو یہی ثابت ہونا ہے ۔ اسلئے میں کہونگا کہ بجٹ مینی فسٹو کے مطابق ہے کہنا زمین اور آسمان کو ملانا ہے ۔ آپ یہاں صرف ۴۱ فیصد نیشن بلڈنگ پر خرچ کررہے ہیں تقریباً دو تہائی حصہ اپنے اڈمنسٹریشن اور پولیس وغیرہ پر خرچ کر رہے ہیں ۔ کیا یہ وہی ڈھانچہ نہیں ہے ۔ کیا اسی کے

آپ نے الکشن لڑا تھا ۔ خواہ وہ جائز طریقوں سے ہواہو یا ناجائز طریقوں سے اس کا جو مینیفسٹو تھا کیا یہی تھا ۔ اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہماری حکومت لرز رہی ہے اور کسی نہ کسی دن ٹوٹ کر رہیگی ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ۵۲ - ۵۱ میں ریوینیو انکم ۲۹۸۷۳۹۰۰۰ ہے ۵۳ - ۵۲ع میں ۲۶۶۳۹۴۰۰۰ ریوینیو انکم ہوتی ہے - ۵۴ - ۵۳ع میں ۲۵۹۲۵۰۰۰۰ ریونیو انکم ہوتی ہے ۔ اسکے بعد ۵۵ - ۵۴ع کا اسٹیمیٹ ہمارے سامنے پیش ہوتا ہے ۔ اسٹیمیٹس کے بارے میں مجھے یہ کہنا ہے کہ گو اسٹیمیٹس بنانے والے بڑے بڑے ڈگری ہولڈرس بڑے تجربہ کار ہوتے ہیں لیکن اسٹیمیٹس کبھی درست نہیں ہوتے ۔ اگر کسی پھٹانے بیچنے والے کے سامنے پیش کریں تو وہ بھی یہی کہیگا کہ یہ کسطرح کا اسٹیمیٹ ہے ۔ اتنے بڑے بڑے ایٹمس دیئے گئے ہیں ۔ بڑے بڑے ہیڈنگس (Headings) دیئے گئے ہیں ۔ جلد بندی کی گئی ہے ۔ لیکن اسٹیمیٹ اور ریوائیزڈ اسٹیمیٹ میں زمین آسمان کا فرق ہو جاتا ہے ۔ وہ یہی کہیگا کہ صحیح اعداد معلوم کرنے کی تمیز ہی نہیں ۔ اس میں شک نہیں کہ اسٹیمیٹ میں کچھ کمی زیادتی کی گنجائش ہوسکتی ہے ۔ لیکن اسٹیمیٹ اور حقیقی خرچ میں زمین آسمان کا فرق ہو جاتا ہے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حالات کا صحیح جائزہ نہیں لیا جاتا ۔ تنگبھدرا پراجکٹ کے پاس کوائیریز (Quaries) کا اسٹیمیٹ بنایا جاتا ہے تو اگر سافٹ سوائیل (Soft soil) کی جگہ ہارڈ سوائیل (Hard soil) وکھدیا جائے تو اس ایک لفظ کے اندازے کی غلطی سے لاکھوں کا فرق آجاتا ہے ۔ کیونکہ وہاں جاکر تو نہیں دیکھا جاتا یہیں بیٹھے بیٹھے اندازہ لگایا جاتا ہے جسکے نتیجہ کے طور پر لاکھوں کے فرق سے اسٹیمیٹ بنایا جاتا ہے ۔

The House then adjourned till Half Past Two of the Clock on Wednesday, the 10th March, 1954.